آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز بدھ 06 اکتوبر 2021ء بمطابق 28 صفر المظفر 1443ھ | شمارہ نمبر 252

کوئٹہ میں مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:20
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:45
ظہرین	01:00
مغربین	7:45

80 فیصد ناراض ارکان سب سے مل کر آیا ہوں مسائل حل کرینگے

وزیراعلیٰ بلوچستان

تھوڑی بہت رنجشیں ہیں جن کو جلد حل کیا جائیگا، 28 اتحادیوں کی حمایت حاصل ہے، اپوزیشن کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ بلوچستان حکومت کو سٹیبل نہ رہنے دیا جائے، یہ پروپیگنڈہ کہ جام کمال تمام چیزیں اپنے حلقے لے گئے ہیں کو مسترد کرتا ہوں

صوبے میں ایسے انتظامی آفیسران کو منتخب ارکان کی مشاورت سے لگا رہے ہیں جو معاملات کو آگے بڑھانے کی صلاحیت رکھتے ہیں، ہر ضلع میں برابری کی بنیاد پر ترقیاتی کام کرائے ہیں

اپوزیشن کی جانب سے ایک تحریک جمع کرائی گئی اور جن وجوہات کی بنا پر یہ تحریک پیش کی گئی تھی اس کی ایک جھلک ہم نے بجٹ سیشن میں دیکھا بلکہ ایک دو سال سے یہ سلسلہ جاری ہے، جام کمال خان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ 14 ناراض ارکان میں سے 80 فیصد سے مل کر آیا ہوں تھوڑی بہت رنجشیں ہیں جن کو جلد حل کیا جائیگا، 28 اتحادیوں کی حمایت حاصل ہے، اپوزیشن کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ بلوچستان حکومت کو سٹیبل نہ رہنے دیا جائے، یہ پروپیگنڈہ کہ جام کمال تمام چیزیں اپنے حلقے لے گئے ہیں کو مسترد کرتا ہوں، صوبے میں ایسے انتظامی آفیسران کو منتخب ارکان کی مشاورت سے لگا رہے ہیں جو معاملات کو آگے بڑھانے کی صلاحیت رکھتے ہیں، ہر ضلع میں برابری کی بنیاد پر ترقیاتی کام کرائے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان یو این سی ٹی اے ڈی کے 15 ویں اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

ناراض ارکان کا وزیراعلیٰ جام کمال کو 24 گھنٹوں کا الٹی میٹم

وزیراعلیٰ جام کمال خان صوبے کے امور چلانے میں ناکام ہیں بلوچستان کی ترقی جمود کا شکار ہے، صوبے میں بیڈ گورننس ہے وزیراعلیٰ جام کمال خان واضح طور پر اعتماد کھو چکے ہیں

ہم وزیراعلیٰ کے گوش گزار کر رہے ہیں کہ وہ اپنے عہدے سے مستعفی ہو جائیں ہم بلوچستان عوامی پارٹی سے نیا قائد ایوان منتخب کر کے بڑھتی ہوئی بے چینی کو ختم کریں گے

لہٰذا وہ اخلاقی طور پر آج (بدھ) شام پانچ بجے تک ازخود مستعفی ہو جائیں بصورت دیگر ناراض ارکان اپنے آئندہ کے سخت لائحہ عمل کا اعلان کریں گے، میر ظہور بلیدی، میر اسد بلوچ سمیت دیگر کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی، پاکستان تحریک انصاف اور بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے ناراض ارکان بلوچستان اسمبلی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ جام کمال خان صوبے کے امور چلانے میں ناکام ہیں بلوچستان کی ترقی جمود کا شکار ہے، صوبے میں بیڈ گورننس ہے وزیراعلیٰ جام کمال خان واضح طور پر اعتماد کھو چکے ہیں لہٰذا وہ اخلاقی طور پر آج (بدھ) شام پانچ بجے تک ازخود مستعفی ہو جائیں بصورت دیگر ناراض ارکان اپنے آئندہ کے سخت لائحہ عمل کا اعلان کریں گے، وزیراعلیٰ کی کوششوں کے باوجود بی اے پی سمیت 15 ناراض ارکان متحد ہیں ہمارے کسی رکن نے بھی وزیراعلیٰ کی حمایت کا اعلان نہیں کیا، یہ بات صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی، بی این پی (عوامی) کے جنرل سیکرٹری صوبائی وزیر سامی بلوچ و میر اسد اللہ بلوچ، صوبائی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

صوبے میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ کیلئے شعوری کاوشیں کی جا رہی ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان

ہماری ذاتی دلچسپی اور انتھک کاوشوں سے صوبہ کے اعلیٰ تعلیمی ادارے مستحکم ہو رہے ہیں، سید ظہور احمد آغا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ صوبے میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ کیلئے شعوری کاوشیں کی جا رہی ہیں۔ ہماری ذاتی دلچسپی اور انتھک کاوشوں سے صوبہ کے اعلیٰ تعلیمی ادارے مستحکم ہو رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

گیس کی عدم فراہمی سے لوگ کئی مشکلات سے دوچار ہیں، سید ظہور احمد آغا

درختوں کی بیدریغ کٹائی پر قابو پانے کیلئے ملاقات کے عوام کو لکڑی مہیا کرنے اور خاص کر ایندھن کے متبادل ذرائع فراہم کرنا انتہائی ضروری ہے، بیان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ جنگلات زمین کا حسن ہے اور یہ ہمیں گلوبل وارمنگ کے مضر اثرات سے بچانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہنہ اوڑک سے متصل علاقوں کا بڑا حصہ جنگلات پر مشتمل ہے۔ درختوں کی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

چیئرمین نیب کا معاملہ، وزیراعظم عمران خان اپوزیشن لیڈر شہباز شریف سے مشاورت کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین قومی احتساب بیورو (نیب) جسٹس (ریٹائرڈ) جاوید اقبال کی مدت ملازمت میں توسیع کے حوالے سے صدارتی آرڈیننس کے معاملے پر وزیراعظم عمران خان اپوزیشن لیڈر شہباز شریف سے مشاورت کریں گے۔ ایک اعزاز میں انٹرنی جنرل آف پاکستان خالد جاوید خان نے تصدیق

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے شوکت ترین کی ملاقات، اثاثہ جات مینجمنٹ اتھارٹی کے قیام سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

وزیراعظم کی قیمتی قومی اثاثوں کے پیداواری استعمال کو یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان سے وزیر خزانہ شوکت فیاض ترین نے ملاقات کی جس میں ملاقات میں اثاثہ جات مینجمنٹ اتھارٹی کے قیام سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے قیمتی قومی اثاثوں کے پیداواری استعمال کو یقینی بنانے کے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد اسکول کے دورے کے موقع پر بچوں کے ساتھ بیٹھے گفتگو کر رہے ہیں

وفاقی حکومت کا پنڈورا پیپرز تحقیقاتی سیل کا اعلان اپنے دوستوں کے تحفظ کیلئے ہے، سابق چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینٹ میاں رضا ربانی نے مطالبہ کیا ہے کہ پنڈورا پیپرز پر تحقیقات حاضر سروس ججز سے عدالتی فورم پر کرائی جائے، حاضر سروس ججز ہی اس معاملے پر قانون کے مطابق آگے بڑھیں گے، وفاقی حکومت کا پنڈورا پیپرز تحقیقاتی سیل کا اعلان اپنے دوستوں کے تحفظ کیلئے ہے۔ اپنے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان اسمبلی کے ناراض ارکان صحافیوں کے سوالات کا جواب دیے بغیر پریس کانفرنس ختم کر کے چلے گئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے ناراض ارکان صحافیوں کے سوالات کا جواب دیے بغیر پریس

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی کا ہے کہ جام کمال نے وزارت علی سے استعفیٰ نہیں دیا تو تحریک عدم اعتماد پیش کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ جام کمال نے وزارت

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

خضدار اسٹی میں سیکورٹی فورسز کی چوکی کے قریب دستی بم حملہ، فورسز کی جوابی فائرنگ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

خضدار (این این آئی) خضدار اسٹی میں سیکورٹی فورسز کی چوکی کے قریب دستی بم حملہ، فورسز کی جوابی

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

نادرا بلوچستان نے چمن میں نادرا کے زونل آفس کی منظوری دے دی

کوئٹہ (این این آئی) نادرا بلوچستان نے چمن میں نادرا کے زونل آفس کی منظوری دے دی۔ تفصیلات کے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

وزیراعظم نے ہدایت کی ہے سندھ حکومت کو فوری طور پر گندم کی ریلیز کا کہیں، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات چوہدری فواد حسین نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

آرمی چیف سے سعودی کمانڈر کی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی کی صورتحال

راولپنڈی (این این آئی) کمانڈر رائل سعودی نیول فورسز وائس ایڈمرل فہد بن عبداللہ الغفیلی نے آرمی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

صدر عارف علوی نے وفاقی محتسب کا بیوہ کو کم پنشن دینے کا فیصلہ مسترد کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر عارف علوی نے وفاقی محتسب کا بیوہ کو کم پنشن دینے کا فیصلہ مسترد کرتے

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

وفاقی کابینہ نے جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کی بنیاد پر مردم شماری کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ وفاقی کابینہ نے جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

عوام کو رعایا تصور کیا جاتا ہے

اقتدار بادشاہت نہیں جہاں

سردار اختر مینگل

جن سے اختروٹ نہیں توڑے جاتے وہ اپنے ناراض گروپ سے بندے کیا توڑیں گے تین سال بعد جام کمال کو یاد آنے والی رشتہ داری بجھ سے بالاتر ہے جام حکومت گرانے میں کردار ادا کر رہے ہیں

تحریک عدم اعتماد ان کی جانب سے لائی گئی ہے جن پر شہنشاہ معظم کے حکم سے بکتر بند گاڑیاں چڑھائی گئیں جام کمال نے حکومت کو سلطنت تصور کیا آج اپنے ہی لوگوں کو منانے میں ناکام ہو چکے ہیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ اور کن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ جن سے اختروٹ نہیں توڑے جاتے وہ اپنے ناراض گروپ سے بندے کیا توڑیں گے تین سال بعد جام کمال کو یاد آنے والی رشتہ داری بجھ سے بالاتر ہے جام حکومت گرانے میں کردار ادا کر رہے ہیں تحریک عدم اعتماد ان کی جانب سے لائی گئی ہے جن پر شہنشاہ معظم کے حکم سے بکتر بند گاڑیاں چڑھائی گئیں جام کمال نے حکومت کو سلطنت تصور کیا آج اپنے ہی لوگوں کو منانے میں ناکام ہو چکے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے آن لائن سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

ممکنہ بھارتی جارحیت کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہیں، پاکستان

روکنے اور شکست دینے کے لیے جو بھی کر سکا کرے گا اور ہر طرح کے مکمل دفاع کا حق محفوظ رکھے گا، پاکستانی مندوب

پاکستان میں اب بھی 30 لاکھ افغان مہاجرین موجود ہیں، عالمی برادری کو افغانستان میں مصروف عمل رہنا چاہیے، منیر اکرم

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرام نے کہا ہے کہ پاکستان ممکنہ بھارتی جارحیت کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہے، اسے روکنے اور شکست دینے کے لیے جو بھی کر سکا کرے گا اور ہر طرح کے مکمل دفاع کا حق محفوظ رکھے گا۔ جنرل اسمبلی کی اسمبلے اور بین الاقوامی سلامتی کے معاملات سے متعلق فرسٹ کمیٹی سے خطاب میں اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرام نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں امن اور استحکام صرف پاکستان اور بھارت کے درمیان

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

پاکستان کی جغرافیائی حدود اور یکجہتی کے تحفظ کے لئے تمام تر اقدامات اٹھائے جائینگے، عسکری قیادت

بھارت مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیوں سے توجہ ہٹانے کیلئے گھناؤنا اور بے بنیاد پروپیگنڈہ کر رہا ہے، کور کمانڈرز کانفرنس

راولپنڈی (آن لائن) عسکری قیادت نے بھارتی فوج کے بے بنیاد پروپیگنڈے کو یکسر مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی جغرافیائی حدود اور یکجہتی کے تحفظ کے لئے تمام تر اقدامات اٹھائے جائینگے، بھارت مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیوں

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

سازگار کاروباری ماحول فراہم کرنے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، عارف علوی

ہمسائیہ ممالک کے ساتھ کاروباری تعلقات میں بہتری پاکستان اور بلوچستان کی معاشی ترقی کی ضامن ثابت ہوگی

پاکستان کی کاروبار میں آسانی کی عالمی درجہ بندی میں 136 ویں سے 108 ویں پوزیشن تک بہتری آئی ہے، ڈاکٹر عارف علوی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ پاکستان کی کاروبار میں آسانی کی عالمی درجہ بندی میں 136 ویں سے 108 ویں پوزیشن تک بہتری آئی ہے، ملک میں سرمایہ کاری راغب کرنے کیلئے سازگار کاروباری ماحول فراہم کرنے کے اقدامات کئے جا رہے ہیں، کاروبار اور سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائز کے فروغ کیلئے کامیاب جوان پروگرام کے تحت 100 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر خواجہ حسین دشتی، سینئر نائب صدر محمد ایوب مریانی، سابق نائب صدر حاجی اختر کاکڑ و دیگر کی سربراہی میں ملنے والے وفد سے ملاقات کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے وفد نے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو بلوچستان میں صنعت و تجارت، زراعت، گلہ بانی و دیگر شعبوں سے وابستہ افراد کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا اور کہا کہ بلوچستان میں بے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

ملک کی جمہوری جماعتوں کے ساتھ ملکر 18 ویں ترمیم کے ذریعے قومی اختیار کو آئینی تحفظ فراہم کیا، ڈاکٹر مالک بلوچ

میر جمہوریت میر حاصل خان بزنجو نے ملک میں جمہوریت آئین و قانون کی بالادستی اور عوام کی سربلندی کے بیانیہ کو بلند و توانا آواز میں اجاگر کیا

میر حاصل خان بزنجو نے سیاسی جماعت کی بانی شخصیت کی تعریف کی، بلوچستان نیشنل پارٹی کی تعریف کی، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

قصیر آباد (این این آئی) نیشنل پارٹی قصیر آباد ورکرز کانفرنس بیاد میر جمہوریت میر حاصل خان بزنجو ڈیرہ مراد جمالی میں منعقد ہوا۔ کانفرنس کی صدارت ڈاکٹر مالک بلوچ نے کی۔ ورکرز کانفرنس میں پارٹی کارکنوں بالخصوص خواتین کارکنوں اور پی ایس او پچار نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کانفرنس میں کارکنوں نے تنظیمی و علاقائی سیاست و مسائل پر سوالات کیے۔ جن کو پارٹی سربراہ نے نوٹ کرنے کے بعد بالترتیب جوابات دیئے۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و سابق وزیر اعلیٰ

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے ہونے کے باوجود بھی پی ٹی آئی کے سامنے پیش ہو سکتے ہیں تو وفاقی وزراء کیوں نہیں؟ شاہد خاقان عباسی

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم، لیگی رہنما شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ پانامہ لیکس کے بعد نواز شریف وزیراعظم ہونے کے باوجود بھی پی ٹی آئی کے سامنے پیش ہو سکتے ہیں تو وفاقی وزراء کیوں نہیں؟ قانون کے برخلاف چیئرمین نیب کی مدت ملازمت میں توسیع کی جا رہی ہے، پانامہ طرز پر تحقیقات کی جائیں

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی پائیدار ترقی معیاری تعلیم کے فروغ سے وابستہ ہے اور تعلیم کا محکمہ اس لئے قبول کیا، صوبائی وزیر تعلیم

بلا امتیاز معیاری تعلیم کا فروغ ہماری ترجیح ہے

سردار ایاز محمد رند

تعلیم کے محکمہ کو صرف تنخواہیں دینے والا محکمہ نہیں بلکہ مستقل کے معماروں کی شعوری تعمیر کا ایک ایسا شعبہ بنائیں گے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان سردار ایاز محمد رند سے منگل کے روز یہاں رکن بلوچستان اسمبلی میر زابد ریکی نے ملاقات کی اور اپنے حلقہ انتخاب واشک میں تعلیمی صورتحال سے متعلق تبادلہ خیال کیا اور درپیش مسائل سے آگاہ کیا سردار ایاز محمد رند نے کہا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی معیاری تعلیم کے فروغ سے وابستہ ہے اور تعلیم کا محکمہ اس لئے قبول کیا کہ بلوچستان کے ہر بچے کو معیاری تعلیم کی سہولت اس کی دہلیز پر میسر آسکے تعلیم کے محکمہ کو صرف تنخواہیں دینے والا محکمہ نہیں بلکہ مستقل کے معماروں کی شعوری تعمیر کا ایک ایسا شعبہ بنائیں گے جو ذگریاں بانٹنے کے بجائے معاشرے کے کارآمد افراد کی تشکیل کا ذریعہ ہوگا ہماری خواہش ہے کہ بلوچستان کے ایک مزدور کسان ہاری اور ریڑھی بان کے بیٹے کو بھی وہی معیاری تعلیم میسر ہو جو ایک صاحب

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

بجلی کی قیمت میں اضافے سے حکومت عوام کی جیبوں پر 90 ارب کا ڈاکا ڈالے گی، شیری رحمن

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ بجلی کی قیمت میں اضافے سے حکومت عوام کی جیبوں پر 90 ارب کا ڈاکا ڈالے گی۔ اپنے بیان میں شیری رحمن نے کہا کہ حکومت نے بجلی کی قیمت میں 65.1 روپے فی یونٹ اضافہ کیا

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

کمانڈر رائل سعودی نیول فورسز وائس ایڈمرل فہد بن عبداللہ الغفیلی نیول ہیڈ کوارٹرز آمد، گارڈ آف آنر پیش

اسلام آباد (این این آئی) کمانڈر رائل سعودی نیول فورسز وائس ایڈمرل فہد بن عبداللہ الغفیلی نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد پہنچے تو پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے معزز مہمان کا استقبال کیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق معزز مہمان کو روایتی انداز میں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: صوبائی وزیر تعلیم سردار ایاز محمد رند سے رکن صوبائی اسمبلی میر زابد ریکی ملاقات کر رہے ہیں

صادق سنجرانی سے قازقستان کے سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعاون، پارلیمانی و تجارتی سطح پر وفود کے تبادلوں پر گفتگو

ایوان بالا میں قازقستان دوستی گروپ موجود ہے جس کے ذریعے دونوں ملکوں کے مابین پارلیمانی تعلقات کو مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے قازقستان کے سفیر Yerzhan Kistafin نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان قازقستان دوطرفہ تعاون، پارلیمانی و تجارتی سطح پر وفود کے تبادلوں میں تیزی لانے اور اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ پاکستان اور قازقستان کے مابین بہترین معاشی تعلقات سے دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے میں مدد ملے گی اور معاشی و تجارتی روابط سے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر اعلیٰ کی کینیا کی وزیر خارجہ کی ملاقات

افغانستان میں صورتحال مزید خراب ہوئی تو افغان مہاجرین کی یلغار صورت بہت سے مضمرات سامنے آئیں گے، مخدوم شاہ محمود قریشی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کینیا کی وزیر خارجہ محترمہ رتشل اومامو کے ساتھ ٹیلیفونک رابطہ کیا جس میں دوطرفہ تعلقات، تجارتی و اقتصادی تعاون، افغانستان کی ابھرتی ہوئی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان، کینیا کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، افریقہ پالیسی، ہماری حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، کینیا کے ساتھ کثیر جہتی شعبہ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

بلیدہ میں پولیس کی مبینہ فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے بچے راحز اور اسکے لواحقین کو انصاف ملنا چاہیے، جمال شاہ کاکڑ

واقعہ کی جوڈیشل کمیشن کے ذریعے شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے، سابق اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ بلیدہ میں پولیس کی مبینہ فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے بچے راحز اور اسکے لواحقین کو انصاف ملنا چاہیے واقعہ کی جوڈیشل کمیشن کے ذریعے شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے، صوبے میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال پر حکومتی عدم توجہ تشویشناک ہے، قانون کے رکھوالے قانون ہاتھ میں لینے کے بجائے اسے توڑنے والوں کے خلاف

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

صوبائی وزراء میر ضیاء اللہ لانگو، عارف محمد حسنی، ایم پی اے اصغر ترین ملاقات کر رہے ہیں

حکومت کا چیئرمین نیب جسٹس (ر) جاوید اقبال کو توسیع دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت کی جانب سے چیئرمین نیب جسٹس (ریٹائرڈ) جاوید اقبال کو توسیع دینے کا فیصلہ کر لیا گیا، وزراء پر مشتمل حکومتی کمیٹی نے سفارشات کا مسودہ تیار کر لیا، مسودے میں نیب آرڈیننس میں 1 سے زائد ترامیم کی گئی ہیں۔ ترامیم مشیر پارلیمانی امور

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی نے پنڈورا پیپرز کی تحقیقات کے لئے سیل کے قیام کا فیصلہ مسترد کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے پنڈورا پیپرز کی تحقیقات کے لئے سیل کے قیام کا فیصلہ مسترد کر دیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پنڈورا پیپرز کے لئے تحقیقاتی سیل کا قیام حکومت کا دہرا معیار ہے، پنڈورا پیپرز کی تحقیقات کے لئے تحقیقاتی سیل اداروں کو بچانے کا ایک طریقہ ہے۔ اپنے بیان میں

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

مردم شماری میں جدید ٹیکنالوجی استعمال کی جائے گی، فواد چوہدری

3 ربیع الاول سے 13 ربیع الاول تک عشرہ رحمت اللعالمین کے طور پر سرکاری سطح پر منایا جائیگا

مردم شماری کے مکمل ہونے کے بعد نئی حلقوں کے لیے الیکشن کمیشن کو مطلع کیا جائے گا، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ ملک میں نئی مردم شماری میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کیا جائے گا، مردم شماری کے مکمل ہونے کے بعد نئی حلقوں کے لیے الیکشن کمیشن کو مطلع کیا جائے گا، 3 ربیع الاول سے 13 ربیع الاول تک عشرہ رحمت اللعالمین کے طور پر سرکاری سطح پر منایا جائیگا اور اس حوالے سے تقاریب کا انعقاد کیا جائے گا، عید میلاد النبی کے موقع پر قیدیوں کی سزاؤں میں کمی کی جائیگی، ای وی ایم کے معاملے میں اب قانون سازی کی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

PDM کی تحریک عدم اعتماد کامیاب ہوگی، مولانا واسع

عوام عمران خان کے یوٹرن اور جھوٹے نعروں سے اب بیزار ہو چکی ہے اور ان سے نجات کیلئے پی ڈی ایم کے جانب دیکھ رہے ہیں مہنگائی کی آفت عمران خان کو لے ڈوبی گی

عمران خان کی جعلی اور سلیکٹڈ حکومت اس وقت بیساکھیوں کے سہارے کھڑی ہے 2018 کے الیکشن فراڈ تھے انکے نتائج کو کسی صورت تسلیم نہیں کریں گے، رکن قومی اسمبلی

لورالائی (این این آئی) جے یو آئی کے صوبائی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کی تحریک ہر صورت کامیاب ہوگی عمران خان کی جعلی اور سلیکٹڈ حکومت اس وقت بیساکھیوں کے سہارے کھڑی ہے 2018 کے الیکشن فراڈ تھے انکے نتائج کو کسی صورت تسلیم نہیں کریں گے۔ یہ بات انہوں نے اپنے بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ جام کمال خان کے جانے کا وقت آچکا ہے صوبہ بدانتظامی کرپشن بدامنی اغوا برائے تاوان کے لپیٹ میں ہے عوام بے آسرا ہو چکے ہیں سول سیکرٹریٹ میں عوام در بدر ہو رہے ہیں تمام سرکاری امور ٹھپ ہو چکے ہیں انہوں نے کہا کہ عوام عمران خان کے یوٹرن اور جھوٹے نعروں سے اب بیزار ہو چکی ہے اور ان سے نجات کیلئے پی ڈی ایم کے جانب دیکھ رہے ہیں مہنگائی کی آفت عمران خان کو لے ڈوبی گی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

تعلیم، صحت اور سیکیورٹی فراہمی ہر بچے کا بنیادی حق ہے، قاسم سوری

ہمارے معاشرے میں بچوں کو بنیادی حقوق کے تحفظ کی فراہمی اور خصوصی توجہ کی ضرورت ہے

غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے بچوں کو خاص توجہ کی ضرورت ہے، ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے کہا ہے کہ ہمارے معاشرے میں بچوں کو بنیادی حقوق کے تحفظ کی فراہمی اور خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے بچوں کو خاص توجہ کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے بہترین نمونہ ہمارے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پیش کیا جو ہمیشہ بچوں کے ساتھ حسن سلوک اور شفقت سے پیش آتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، صحت اور سیکیورٹی جیسے بنیادی حقوق کی فراہمی ہر بچے کا بنیادی حق ہے۔ انہوں کہا کہ ہمارے معاشرے میں بچوں کو دنیا کے دیگر ممالک کی طرح بہت سے سماجی و معاشی چیلنجوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں یکساں نظام تعلیم کے نفاذ سے ہمارے ملک کے تعلیمی نظام میں رنگ و نسل کا خاتمہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج اسلام آباد میں بچوں کے حقوق کے قومی کمیشن (این سی آر سی) کے زیر اہتمام "اسٹریٹجک

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی نے پنڈورا پیپرز کی تحقیقات کے لئے سیل کے قیام کا فیصلہ مسترد کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے پنڈورا پیپرز کی تحقیقات کے لئے سیل کے قیام کا فیصلہ مسترد کر دیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پنڈورا پیپرز کے لئے تحقیقاتی سیل کا قیام حکومت کا دہرا معیار ہے، پنڈورا پیپرز کی تحقیقات کے لئے تحقیقاتی سیل اداروں کو بچانے کا ایک طریقہ ہے۔ اپنے بیان میں

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

تربت کے علاقے بلیدہ میں پولیس کی مبینہ فائرنگ سے جاں بحق 10 سالہ بچے کے ورثاء لاش کے ہمراہ کوئٹہ پہنچ گئے

شہید فیاض سنجل چوک پر لاش کے ہمراہ دھرنا دیا، حکومتی و اپوزیشن ارکان اسمبلی اور سیاسی رہنماؤں نے دھرنے میں شرکت کر کے لواحقین سے اظہار یکجہتی کی

کوئ

www.dailyshal.com
روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

06 اکتوبر 2021ء

پینڈورا پیپرز نیا اسکینڈل

انٹرنیشنل کنسورشیم آف انویسٹی گیٹو جرنلسٹس کی جانب سے پینڈورا پیپرز جاری کردیئے گئے ہیں۔ پانامہ سے بڑے پینڈورا پیپرز نے 700 پاکستانیوں کی آف شور کمپنیوں کو بے نقاب کیا ہے۔ ان میں دو وفاقی وزراء شوکت ترین اور مونس الٰہی کے علاوہ فیصل واڈا، شرجیل میمن، سحاق ڈار کا بیٹا علی ڈار، خسرو بختیار کا بھائی، تاجر میڈیا مالکان اور ریٹائرڈ فوجی افسران شامل ہیں۔ وزیر اعظم عمران خان نے پینڈورا پیپرز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹیکس چوری منی لانڈرنگ اور کرپشن کے ذریعہ بیرون ملک اثاثے بنانے والوں کی تحقیقات ہوگی۔ اس سے قبل پانامہ پیپرز کے سامنے آنے کے بعد پاکستان میں اس فہرست میں شامل لوگوں کے خلاف شروع ہوئیں لیکن مخصوص سیاسی خاندانوں سے پات آگے نہ بڑھی اور ان خاندانوں کا ہی بال بیکا نہ ہوسکا۔ پینڈورا پیپرز میں 700 پاکستانیوں کے نام شامل ہیں اور ان میں حکمراں جماعت سے تعلق رکھنے والے افراد بلکہ وفاقی وزراء کے بھی نام شامل ہیں۔ ان پیپرز میں شامل تمام افراد کے بارے میں جامع تحقیقات ہونی چاہئیں۔ اور کسی امتیاز کے بغیر سب پر قانون کا یکساں اطلاق کیا جانا چاہئے۔ ٹیکس چوری، منی لانڈرنگ اور کرپشن جیسے جرائم ایک جماعت یا گروہ سے تعلق نہیں رکھتے عوام کے پیسے پر ڈاکہ ڈالنے والے کسی خاندان رگروہ یا شخص کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں ہونی چاہیے۔ حقیقت یہ ہے کہ حکمراں اشرافیہ کے نمائندوں نے خواہ ان کا تعلق کسی بھی سیاسی جماعت سے ہو یا نہ ہو انھوں نے روز اول سے اپنے منافع کیلئے تمام اصولوں، قوانین اور قواعد وضوابط کو پامال کیا ہے۔ بڑے بڑے قرضے لیکر واپس نہیں کئے گئے ٹیکس چوری کی لٹ عام ہے۔ اور ان سب چوروں اور بدعنوان عناصر نے منی لانڈرنگ کرکے پیسہ بیرون ملک منتقل کیا اور وہاں جائیدادیں بنائیں۔ طرفہ تماشہ یہ ہے کہ ترقی یافتہ ملکوں کی حکومتیں غریب اور ترقی پذیر ملکوں سے لوٹے گئے پیسے کا خیر مقدم کرتی ہیں اور ان کے تحفظ کیلئے ہر طرح کی سہولت فراہم کرتی ہیں۔ اس پورے کھیل کو اب منطقی انجام تک پہنچنا چاہیے۔

احترام استاد۔۔۔کامیابی کی پہلی سیڑھی

آج میں پانچ اکتوبر یوم اساتذہ کی مناسبت سے حضرت انسان خصوصاً استاد کے بارے میں کچھ لکھنے کی جسارت کروں گا۔
بقول شاعر

پروفیسر انعام اللہ مینگل

استاد کا منصب ہے اعلیٰ، اعلیٰ ہے مقام
استادی کی حیثیت سے آئے تھے خیر الانام
استاد کو معاشرے میں ایک رہنما اور رہبر کا مقام حاصل ہے۔
جس طرح ایک کاریگر خام مال کو کسی کارآمد لوہے میں تبدیل کردیتا ہے، ایک سنگ تراش کسی پتھر تو زندہ مجسمے کی صورت عطاء کرتا ہے۔
اسی طرح ایک بہترین استاد کسی بھی جاہل معاشرے کو ترقی یافتہ، باکمال اور باکردار معاشرہ بناتا ہے۔
استاد ایک ذی شعور اور ذی وقار قوم کی تعمیر کرتا ہے۔
استاد ایک باغبان ہوتا ہے۔ جس طرح ایک باغبان اپنے باغ کے درختوں اور پودوں کی خوبصورتی اور بہترین نشوونما کیلئے تمام خودرو جڑی بوٹیوں کو وقت پر باہر نکال پھینک دیتا ہے۔
اسی طرح ایک استاد اپنے طلباء کی ذہنی نشوونما کی آبیاری کرتا ہے۔ وہ اپنے شاگردوں کے ذہنوں سے تمام تر برے خیالات اور توہمات کا خاتمہ کر دیتا ہے۔
ان کی ذہنی استعداد کار کو بڑھانے اور ان کو معاشرے کا ایک ذمہ دار با مقصد فرد بنانے کیلئے اپنا کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔
ممتاز سائنسدان ڈاکٹر ابوالکلام فرماتے ہیں کہ "میرے لئے سب سے بڑا اعزاز یہ ہوگا کہ لوگ مجھے ایک استاد کے نام سے یاد کریں"
استاد معاشرے کو نئی رفعتیں عطاء کرتا ہے۔ معاشرہ سازی کرتا ہے۔ استاد معاشرے کی فہم و فراست، درک و دریافت کی قوتوں کو نئی نہج پر منتج کرتا ہے۔
مندرجہ بالا تمام حقائق بیان کرنے کے بعد بھی میں مجھے تشفی و تسلی نہیں ہوتی۔ میں ہر وقت اپنے شاگردوں سے یہی سوال کرتا ہوں کہ مستقبل کے لئے کیا منصوبے ہیں آپ لوگ مستقبل میں کیا بننا چاہتے ہیں؟
تو مجھے ان مستقبل کے معماران کی جانب سے جو جوابات ملتے ہیں ان میں صرف 3 سے 5 فیصد بچے مستقبل میں استاد بن کر قوم کی خدمت کرنا چاہتے ہیں۔
ان تمام حقائق کو دیکھ کر ذہن میں ایک سوال ابھرتا ہے کہ بچے مستقبل میں استاد کیوں بننا نہیں چاہتے ہیں؟
اس کا جواب بالکل واضح ہے کہ ہم اس قدر مادہ پرست ہوگئے ہیں کہ استاد کی عظمت اور ان کی خدمات سے قطع نظر،،، کسمپرسی میں زندگی گزارنے والے، تمام آسائشوں اور رعایتوں سے محروم استاد کو اپنا آئیڈیل نہیں بنا سکتے۔
حالانکہ دنیا میں جتنے شخصیات، جتنے بڑے مقامات پر براجمان ہیں۔
ان کو ان مقامات پر پہنچانے اور ان اعزازت سے نوازنے میں استاد ہی ممد و معاون ثابت ہوا ہے۔
"یوم اساتذہ تمام طلباء کے لئے اساتذہ کی محنت اور کاوشوں کو سراہنے کا ایک شاندار موقع ہے"
دنیا میں علم کی قدر اس وقت ممکن ہوگی جب معاشرے میں اساتذہ کو ان کا جائز مقام میسر ہوجائے گا۔
زمانہ اس بات کی گواہ ہے کہ ہمیشہ ترقی یافتہ اقوام نے دنیا پر حکمرانی کی ہیں اور ان پڑھ اقوام ان کے ماتحت رہے ہیں۔
اگر ہم آج ترقی پذیر ہیں تو اس کی اصل وجہ یہی ہے کہ ہم معلم کو وہ مقام دینے میں ناکام رہے ہیں جو مقام اسے ملنا چاہیے۔
یعنی ہم آداب معلم سے نابلد ہیں یا ان آداب کو بھول چکے ہیں۔
مختصر یہ کہ، اگر ہم دنیا میں ایک مثالی مقام حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں چاہیے کہ ہم حصول علم سے زیادہ آداب معلم کی طرف دھیان دیں۔
کیونکہ آداب معلم ہی ترقی کی پہلی سیڑھی ہے۔

کامیاب پاکستان اور ایلیویٹڈ ایکسپریس وے

ملک میں کامیاب پاکستان پروگرام کا آغاز کردیا گیا جس کے تحت ملک بھر میں 37 لاکھ گھرانوں کو 14 سو ارب کے قرضے دیئے جائیں گے اسکی تفصیلات سے پہلے لاہور میں ٹریفک کے بڑھتے

روبیل اکبر

ہوئے مسائل اور اس کے حل کے لیے پنجاب حکومت کے اقدامات پر نظر مارنا ضروری ہے کیونکہ اس وقت لاہور میں ٹریفک کا ایک نہ رکنے والا سلسلہ ہے لاہور کی کوئی ایک سڑک کسی حادثہ، جلوس یا مظاہرے کی وجہ سے بند ہوجائے تو پورا لاہور جام ہوجاتا ہے خاص کر مال روڈ، فیروز پور روڈ، جیل روڈ یا پھر ملتان روڈ بلاک ہوجائے تو گھنٹوں ٹریفک کے ہجوم میں کھڑا ہونا پڑتا ہے پنجاب حکومت ٹریفک کے اس نظام کو کنٹرول کرنے کے لیے بہت سے اقدامات اٹھا رہے ٹریفک لاہور کا بہت بڑا مسئلہ ہے اور انہی مسائل کو حل کرنے کے لئے انڈر پاس اور اوور ہیڈ برج بنائے جارہے ہیں۔
گلبرگ سے موٹروے ایم ٹو تک ایلیویٹڈ ایکسپریس وے بنائی جا رہی ہے ایلیویٹڈ ایکسپریس وے کینال بینک روڈ، جیل روڈ، فیروز پور روڈ، ملتان روڈ، بند روڈ سے بابو صابو تک بنے گی اور اس سے لاہور کی تقریباً تمام بڑی سڑکیں منسلک ہوں گی ایکسپریس وے کے ساتھ بس کے لئے گزرگاہ بھی بنائی جائے گی اس منصوبہ کی تکمیل کے بعد لاہور کی مصروف سڑکوں پر ٹریفک کے دباؤ میں 65 فیصد تک کمی ہوگی اسکے ساتھ ساتھ لاہور میٹرو بس کیلئے 64 نئی اور جدید بسوں کی سروس کا آغاز بھی کردیا گیا ہے پنجاب حکومت نے اپنے دوسرے منصوبوں کی طرح اس منصوبے میں Veda کے ساتھ کنٹریکٹ کرکے مجموعی طور پر 2 ارب روپے سے زائد کی بچت کی۔ میٹرو بس کا پرانا معاہدہ ایک غیر ملکی کمپنی کے ساتھ تھا اور اب موجودہ انگریزنٹ پاکستانی کمپنی کے ساتھ کیا گیا ہے اس معاہدے سے نہ صرف قیمتی زرمبادلہ بچے گا بلکہ مقامی کمپنیاں ترقی کریں گی ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے لیے لاہور میں الیکٹرک بسیں چلانے کا پراجیکٹ جلد آنے کی امید ہے پنجاب حکومت نے لاہور ٹرانسپورٹ کمپنی کے دائرہ کار کو وسیع کرتے ہوئے اسے پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی بنانے کی منظوری بھی دے دی ہے پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی کے تحت فیصل آباد، بہاولپور، میانوالی اور ڈیرہ غازی خان میں اربن ٹرانسپورٹ کی جدید ترین سہولت فراہم ہوگی ٹھوکر نیاز بیگ پر عالمی معیار کے مطابق ماڈرن بس ٹرمینل 3 ارب روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے جارہا ہے۔
پنجاب میں گذشتہ 3 سال میں ساڑھے 15 ہزار سے زائد پراجیکٹ کی تکمیل کی گئی جبکہ رواں مالی سال میں 3975 ترقیاتی منصوبے مکمل کئے جائیں گے جن میں سے 95 فیصد ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دی جاچکی ہے حکومت نے پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار جنوبی پنجاب کے لئے 35 فیصد فنڈز مختص کئے ہیں پنجاب مائنرنگ اینڈ ایلیویشن پالیسی کا مسودہ بھی تیار کرلیا ہے پالیسی کے حتمی مسودہ کی منظوری پنجاب کابینہ دے گی پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت 241 ارب روپے جاری کرچکا ہے۔
روکنی بات کامیاب پاکستان پروگرام کی اس سے پورے ملک سے 37 لاکھ گھرانوں کو 14 سو ارب کے قرضے دیئے جائیں گے چھوٹے کاروبار کیلئے 5 لاکھ تک بلاسود قرضے دیئے جائیں گے حکومت نے کامیاب پاکستان پروگرام کے پانچ جز رکھے ہیں جنکے ذریعے کامیاب کسان کے ذریعے کسانوں کو بلا سود قرضے دیئے جائیں گے کامیاب کاروبار پروگرام کے تحت کاروبار کے لئے پانچ لاکھ تک بلاسود قرضے دیئے جائیں گے سستا گھر سکیم کے تحت اپنا گھر بنانے کے لئے آسان اقساط پر فنانسنگ کی سہولت میسر ہوگی اور پہلے سے جاری سکالرشپ سکیم اور صحت انصاف کارڈ کو کامیاب پاکستان پروگرام کے ساتھ منسلک کردیا جائیگا کیا جائے گا۔ ماضی میں متوسط طبقے کی آمدن کیلئے کچھ نہیں کیا گیا صرف باتیں کی گئی اور غریب صرف ترقی کے خواب ہی دیکھتا رہا، معاشی ترقی کیلئے معاشی پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے۔
حکومت نے پہلی بار ترقی کے سفر میں نچلے طبقے کو ترجیح دی ہے جس کے لیے حکومت نے کامیاب ہنرمند پروگرام کا آغاز بھی کردیا ہے اب ہر گھر سے ایک فرد کو تکنیکل ٹریننگ دی جائے گی جبکہ سست روی کا شکار کامیاب نوجوان پروگرام کو دو سال ہوگئے اور اب تک صرف دس ہزار لوگ اس سے مستفید ہوسکے اگر بڑے ادارے یا بینک قرض دیں بھی تو ان کا قرض دینے کا عمل بہت مشکل ہے اور واپسی کا عمل بھی ناممکن ہے اس کے برعکس چھوٹے مائیکرو فنانس ادارے اور این جی اوز جیسے اخوت اور این آر ایس پی کئی سالوں سے لوگوں کو قرض دے رہے ہیں جہاں واپسی کی شرح 99 فیصد ہے کامیاب کاروبار پروگرام میں 3 سال کیلئے 5 لاکھ تک بلاسود قرض دیا جائے گا کامیاب کسان پروگرام میں کسانوں کی ایک فصل کیلئے ڈیڑھ لاکھ اور دو فصلوں کیلئے 3 لاکھ بلاسود قرض فراہم کیا جائے گا 1400 ارب روپیہ 3 سے 5 سالوں میں خرچ ہوگا جو نچلے طبقے میں انقلاب لائے گا اور نچلا طبقہ اپنے پاؤں پر کھڑا ہوگا اگر یہ طبقہ اپنے پاؤں پر کھڑا ہوگیا تو یقین مانیں پاکستان اپنے پاؤں پر کھڑا ہوجائیگا اور پھر دنیا کی کوئی طاقت اس خوبصورت جنت کے ٹکڑے پاکستان کو ترقی یافتہ ممالک کی فہرست میں شامل ہونے سے روک نہیں سکتی۔

نام نہاد سنسنی خیز ڈرامہ

اپریل 2016 میں جب پینڈ ناجہ بارات کے ساتھ پانامہ دستاویزات کو منظر عام پر لایا گیا تو میں ان کی بابت ہرگز حیران نہیں ہوا تھا۔ وطن عزیز میں مگر دہائی مچ گئی۔ "پھڑے گئے" کی

نصرت جاوید

آوازیں بلند ہونا شروع ہوگئیں۔ ہماری اکثریت نے یہ طے کردیا کہ ان دستاویز میں چار سو سے زیادہ جن پاکستانوں کے نام ہیں وہ رشوت خور اور ٹیکس چور ہیں۔ قوم کی دولت لوٹ کر انہوں نے "آف شور کمپنیاں" بنا رکھی ہیں۔ ان کا احتساب لازمی ہے۔
میں ہر اعتبار سے متوسط طبقے سے تعلق رکھتا ہوں۔ جوانی میں انقلابی استقلابی بھی رہا تھا۔ "دور ہٹو سرمایہ داروں" کے نعرے بھی بلند کرتا رہا۔ اس کے باوجود نہایت عاجزی اور ثابت قدمی سے یہ عرض کرتا رہا کہ منافع کمانے کی ہوس سرمایہ دارانہ نظام کی کلید ہوتی ہے۔ پاکستان ہی نہیں دنیا بھر کے منافع خور مگر حکومتوں کو ٹیکس دینے سے بھی گریز کرتے ہیں۔ ان کے گریز کو قانونی (جاری ہے)

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: محمد بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

بے حسی کا انجام

شیخ توصیف حسین

پرانے وقتوں میں ایک وزیر جو ملک وقوم کی بہتری اور بھلائی کو اپنا نصب العین سمجھتا تھا نے اپنی عوام کو بے حسی کے عالم میں دیکھا تو فوری طور پر اپنے بادشاہ کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ
ہمارے ملک کی عوام جو نہ صرف نفسا نفسی بلکہ بے حسی کی اس قدر شکار ہوگئی ہے کہ اگر ہمارا دشمن ملک ہمارے ملک پر حملہ کردے تو یہاں کی عوام اُس کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کے بجائے خاموش تماشائی کا کردار ادا کریگی لہذا ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی عوام کے سوئے ہوئے ضمیر کو جگانے کیلئے کچھ ایسے اقدامات کرنے چاہیے جس سے دلبرداشتہ ہوکر ہماری عوام اپنے بنیادی حقوق کی بقا کے حصول کی خاطر آواز حق بلند کرے
اپنے وزیر کی ان باتوں کو سننے کے بعد بالآخر بادشاہ نے کافی سوچ وبچار کے بعد چند ایک بااثر امرا دوا ساز کمپنیوں کے مالکان وڈاکٹرز اشیائے خوردونوش کے تاجر بیوروکریٹس علمائے دین اور جج صاحبان کی ایک خفیہ میٹنگ بلائی جس میں یہ طے پایا گیا کہ وہ ہر طریقے سے عوام کو پریشان کرے ممکن ہے کہ پریشانی سے دلبرداشتہ ہوکر ہمارے ملک کی عوام کا سویا ہوا ضمیر جاگ اُٹھے۔
قصہ مختصر کہ اس فیصلے کے بعد تاجروں نے اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ کردیا ادویات ساز کمپنیوں کے مالکان نے ادویات کی قیمتوں میں اضافہ جبکہ ڈاکٹرز صاحبان نے ڈریکولا کا روپ دھار کر غریب مریضوں کا خون چوسنا شروع کردیا علمائے دین نے مذہبی ولسانی فسادات شروع کروا دیئے عدل و انصاف کا خاتمہ ہوگیا سیاست دانوں نے تعمیراتی کاموں میں دس سے پندرہ پرسنٹ اپنی کمیشن وصول کرنا شروع کردی جس کے نتیجہ میں تعمیراتی کاموں کے ٹھیکیدار سڑکوں گلیوں اور نالیوں میں ناقص میٹریل کا آزادانہ استعمال کرنے لگے بازاروں میں ناجائز تجاوزات مافیا کا راج قائم ہوگیا جس کی وجہ سے ہسپتالوں کا وہاں سے گزرنا محال ہو گیا ٹریفک کا نظام تباہ وبرباد ہوکر رہ گیا شہروں میں ٹریفک کا نظام بے لگام ہوکر رہ گیا۔
قصہ مختصر کہ اس ملک کے ہر ادارے میں اہلکار بالخصوص اعلیٰ افسران چنگیز خان اور ہلاکو خان کا روپ دھار کر لوٹ مار ظلم وستم اور ناانصافیوں کی تاریخ رقم کرنے لگے ایسے غلیظ اور قانون شکن حالات کے باوجود اُس ملک کی عوام بے حسی کا مظاہرہ کرتے ہوئے خاموش تماشائی کا کردار ادا کرتی رہی عوام کے اس گھناؤنے کردار کو دیکھ کر بادشاہ کو شدید پریشانی لاحق ہوئی تو اُس نے اپنی عوام کو شدید اذیت سے دوچار کرنے کیلئے شہر کے باہر آنے جانے والے راستوں پر چوکیاں تعمیر کروا کر وہاں پر عملہ پولیس کو تعینات کردیا جو بادشاہ کے حکم کے مطابق ہر آنے جانے والے شخص سے نہ صرف بھتہ وصول کرتے بلکہ اُن کی چھترول بھی کردیتے یہ سلسلہ ابھی جاری تھا کہ اسی دوران چند ایک افراد بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوئے جنکو دیکھ کر بادشاہ اور اُس کا وزیر یہ سوچ کر بہت خوش ہوئے کہ ہماری عوام کا سویا ہوا ضمیر اب جاگ اُٹھا ہے کہ اسی دوران اُن افراد نے عرض کرتے ہوئے کہا کہ آپ اگر مناسب خیال کرے تو شہر کے باہر آنے جانے والے راستوں میں جو چوکیاں قائم ہیں وہاں پر عملہ پولیس کی تعداد میں اضافہ کردے تو وہ ہم سے جلد از جلد بھتہ وصول کرنے کے ساتھ ساتھ چھترول کردے اس سے آپ کو فائدہ حاصل ہو گا اور ہمارا نام فنگ جائے گا۔
آج اگر ہم حقیقت کے آئینے میں دیکھے تو یہی کیفیت ہمارے ضلع جھنگ کی عوام کی ہے جس کی بے حسی کے نتیجہ میں یہاں پر آنے والا ہر آفیسر اپنے آپ کو ہلاکو خان چنگیز خان ہیبت خان حشمت خان اور دلاور خان سمجھتے ہوئے لوٹ مار ظلم وستم اور ناانصافیوں کی تاریخ رقم کرنا شروع کردیتا ہے جبکہ یہاں کی عوام ان ناسوروں کا محاسبہ کرنے کے بجائے ان کے حق میں نعرے بازی کرنا شروع کردیتی ہے جس میں انجمن تاجران جھنگ کے عہدے دار وممبران سر فہرست ہیں اور بعض صحافی بھی جو مذکورہ آفیسر کو پگڑیاں پیش کرتے ہیں تو آج میں یہاں ایک چھوٹی سی مثال نہ صرف اپنے قارئین بلکہ اپنے ملک کے ارباب وبااختیار کی خدمت اقدس میں پیش کر رہا ہوں کہ شاید کوئی خداوند کریم کی خوشنودگی کی خاطر ایکشن لے سکے ہوا یوں کہ میں گزشتہ روز اپنے دفتر میں بیٹھا اپنے صحافتی فرائض کی ادائیگی میں مصروف عمل تھا کہ اسی دوران میونسپل کارپوریشن جھنگ کے درجہ دوئم اور سوئم کے اہلکار جن کے سر کے بال آوارہ بادلوں کی طرح بکھرے ہوئے ہونٹ خشک پتوں کی طرح مرجھائے ہوئے پھٹے پرانے کپڑے زیب تن کیے ہوئے قصہ مختصر وہ بے بسی اور لاچارگی کی تصویر بنے ہوئے تھے روتے ہوئے مجھ سے مخاطب ہوکر کہنے لگے کہ ہم کئی سالوں سے میونسپل کارپوریشن جھنگ میں بطور خاکروب اور وہ بھی بیس ہزار روپے ماہانہ پر اپنے فرائض منصبی ادا کرنے میں مصروف عمل تھے اس دوران متعدد چیرمین ودیگر آفیسرز آئے انہوں نے ہمیشہ چور اور بے ایمان کہا اور ہم سے جنک آمیز رویہ اپنائے رکھا حالانکہ وہ از خود لاکھوں اور کروڑوں روپے خرد برد کرکے راہ فرار اختیار کرگئے۔
انہوں نے کہا کہ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ مذکورہ بااثر اشخاص میں سے کسی نے بھی ہمیں کنفرم کروانے کی کبھی کوشش نہ کی بلکہ ہمیشہ اپنی چودھراہٹ کو قائم رکھنے کیلئے ہمیں نکال دینے کی دھمکیاں دیتے رہے یہ سلسلہ دس پندرہ سال جاری رہا بالآخر ہم دو اڑھائی سو اہلکاروں نے مل کر ہائیکورٹ لاہور کی ایک عدالت میں درخواست دائر کردی بالآخر کئی سالوں بعد معزز عدالت کے جج نے قانون کے مطابق ہم تمام ملازمین کو کنفرم قرار دے دیا اس موقعہ پر ہم نے خوشیاں منائی ہم تقریباً ڈیڑھ سال تک کنفرم ملازمین کی تنخواہ وصول کرتے رہے گزشتہ ماہ ہم تنخواہ کے ساتھ ساتھ حکومت پاکستان کی جانب سے دس پرسنٹ الاؤنس بھی حاصل کیا کہ اسی دوران ڈپٹی ڈائریکٹر آڈٹ آفیسر عیس ڈیشان جھنگ کا میونسپل کارپوریشن جھنگ کے عملہ کے ساتھ نجانے کس مصلحت کے تحت جھگڑا ہوگیا جس پر میونسپل کارپوریشن جھنگ کے عملہ نے مذکورہ آڈٹ آفیسر کے خلاف سٹے آرڈر بھی حاصل کرلیا جس کا بدلہ لینے کیلئے مذکورہ آڈٹ آفیسر ہم غریب اور بے سہارا اہلکاروں کا موجودہ تنخواہ کے دوران نہ صرف دس پرسنٹ بلکہ پچیس پرسنٹ الاؤنس جو کہ موجودہ حکومت نے ابھی جاری کیا تھا اپنے عہدے کا ناجائز فائدہ اُٹھاتے ہوئے کاٹ لیا ہم بے سہارا اور غریب ہیں ہم جائیں تو جائیں کہاں ہمیں انصاف کون دے گا یہ کہہ کر مذکورہ افراد وہاں سے اپنے آنسو صاف کرتے ہوئے میرے دفتر سے چلے گئے اور مجھے اچانک یہ خیال آیا کہ کیا کسی نے خوب کہا کہ ہر آفیسر کا کردار ہی اُس کے خون کی عکاسی کرتا ہے اگر کردار اچھا تو خون اچھا اور اگر کردار برا تو یہ سمجھ لینا چاہیے تو اُس کے خون کا معاملہ گڑبڑ ہے

کمزوروں پر رحم نہ کھانے والا
طاقتوروں سے مار کھاتا ہے

رمیز کسی سے خوش نہیں!!!!!

حافظ محمد عمران

رمیز راجہ نے جب سے عہدہ سنبھالا ہے مسلسل میٹنگز کر رہے ہیں، کبھی ایک شعبہ تو کبھی دوسرا، کبھی مارکیٹنگ، کبھی، پی ایس ایل فرنچائز مالکان، کبھی کھلاڑیوں سے بات چیت، کبھی نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر سٹاف، کبھی ریجنل کوچز اور سلیکشن کمیٹی تو کبھی صوبائی ایسوسی ایشن کے عہدیداروں سے مل رہے ہیں۔ اب تک کی اطلاعات کے مطابق نئے چیئرمین پرانے لوگوں کے کام کرنے کے انداز سے خوش نہیں ہیں۔ شاید ہی کوئی میٹنگ ایسی ہو جس میں رمیز راجہ کسی سے بہت متاثر یا متاثر ہی ہوئے ہوں۔ ابھی تک ایسا نہیں ہوا جو بھی چیئرمین کے پاس جاتا ہے بس پھر اسے کچھ سنانے کا موقع نہیں ملتا۔ نئے چیئرمین کرکٹ بورڈ کے شہباز شریف بنے ہوئے ہیں۔ تقاریر میں وہ کپتان عمران خان کی طرح جذبات سے بھرپور گفتگو کرتے ہیں تو کام کی پھرتیاں ایسی ہیں کہ بورڈ ملازمین کو شہباز شریف یاد آرہے ہیں۔ رمیز راجہ پر نظریں ہیں ان سے توقعات بھی بہت زیادہ ہیں کیونکہ وہ طویل عرصے تک صرف کرکٹ بورڈ کے فیصلوں اور پاکستان ٹیم کی کارکردگی پر مختلف حوالوں سے تنقید کرتے رہے ہیں۔ اب انہیں کچھ کر دکھانے کا موقع ملا ہے اس لیے توقعات بھی زیادہ ہیں۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ ان دنوں جن شعبوں کی میٹنگز ہورہی ہیں یہ لوگ چند ماہ پہلے تک احسان مانی اور وسیم خان کی ہاں میں ہاں ملاتے تھے وہ جو کہتے تھے سر جھکا کر تسلیم کرتے تھے، کہیں اپنے خلاف ہیں کو پھنساتے تھے تو کہیں چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسر کے پسندیدہ افراد کے لیے راستے بنانے کے کام کرتے تھے۔ اب ان افسران کے پاس اپنے فیصلوں کے دفاع میں کہنے کے لیے کچھ نہیں ہے۔
یہ بھی سننے میں آرہا ہے کہ کچھ کوچز اور سلیکٹرز نے سہاروں کی تلاش شروع کردی ہے۔ نئے چیئرمین کے قریبی یا اعتماد کے لوگوں کو فون کیے جارہے ہیں۔ رمیز نئے نئے چیئرمین بنے ہیں جس طوفانی رفتار سے وہ میٹنگز کر رہے ہیں اور جس جارحانہ انداز سے گفتگو کرتے ہیں اس وقت تو انہیں کسی کی سفارش کرنے سے پہلے بھی لوگ کئی بار سوچتے ہوں گے۔ بتایا جاتا ہے کہ ریجنل کوچز کی میٹنگ میں ایک ساتھی کھلاڑی نے انہیں "ربیبو" کہہ کر پکارا تو بورڈ چیئرمین نے سختی سے جواب دیا۔ اس کوچ کو یہ سمجھنا چاہیے تھا کہ رمیز راجہ اب کرکٹ بورڈ کے سربراہ اور اس کے باس ہیں پھر وہ ایک اہم میٹنگ میں موجود ہیں یہ موقع نہیں تھا کہ رمیز راجہ کو ان کے پیار والے نام سے پکارا جاتا۔
وسیم خان کے مستعفی ہونے کے بعد کئی اعلیٰ افسران کو اپنے مستقبل کی فکر لاحق ہے چونکہ نئے چیئرمین بہت سے لوگوں سے بہت زیادہ خوش نہیں ہیں۔ اس لیے چیف آپریٹنگ آفیسر کو بھی خطرہ ہے چونکہ ان کے کئی طاقتور ہمدرد موجود ہیں اس لیے ہوسکتا ہے کہ بطور خاص انہیں ان کے اصل شعبے میں واپس بھجوا دیا جائے۔ ڈائریکٹر کمرشل خطرے میں ہیں، ڈائریکٹر نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر کو بھی خطرہ ہے، ڈائریکٹر ایچ آر کے لیے بھی مشکلات ہیں، ڈائریکٹر میڈیا بھی غیر محفوظ ہوسکتے ہیں، سلیکشن کمیٹی والوں کی الٹی گنتی شروع ہوچکی ہے۔
نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر میں کئی تبدیلیاں متوقع ہیں۔ یہ بھی سننے میں آرہا ہے کہ رمیز راجہ کو ریجنل کرکٹ کی بحالی کا مشورہ دیا گیا ہے۔ وہ گراؤنڈ جنہیں احسان مانی لاوارث کرگئے تھے بورڈ دوبارہ اپنے گراؤنڈ سنبھال سکتا ہے کیونکہ نچلی سطح کی کرکٹ اچھے میدانوں کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ اگر بورڈ گراؤنڈ واپس لیتا ہے تو گراؤنڈ سٹاف کی خدمات بھی حاصل کی جائیں گی۔ یوں وہ لوگ جنہیں احسان مانی اور وسیم خان نے فارغ کردیا تھا وہ دوبارہ کھیل کے میدانوں میں نظر آئیں گے۔ رمیز راجہ نے بڑے اور اہم فیصلے کرنے ہیں۔ لوگوں کو نکالنا مسئلے کا حل نہیں ہوتا اصل بات بہتر لوگوں کو ذمہ داریاں دینا ہے اگر وہ اچھے لوگوں کو لگاتے ہیں تو نتائج بھی بہتر ہوسکتے ہیں۔ ان کے فیصلے غلط بھی ہوسکتے ہیں لیکن سمت کا درست ہونا ضروری ہے اگر سمت درست نہ ہو تو نظام تباہ ہوجاتا ہے۔ شکریہ نوائے وقت

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

ONLINE

پٹرول بم کی تباہ کاریاں

غریب مزدور کی جھونپڑی خاکستر ہوئی، دھاڑی دار طبقہ برباد ہوا، چھوٹے گریڈ کا سرکاری ملازم مہنگائی کے ہاتھوں لرز گیا، خوانچہ فروش، بلبلا گیا، مستری اپنے اوزار لئے روڈ پر آگیا کارخانوں، گیراجوں، چھوٹی ہوٹلوں، فٹ پاتھوں اور گھروں میں کام کرنے والے دھائیاں دینے لگے تو ان پر پٹرول بم گرادیا گیا۔ خبر ہے کہ وفاقی حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ایک بار پھر بڑا اضافہ کردیا ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری نوٹی فکیشن کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں چار روپے جب کہ ڈیزل کی قیمت میں 2 روپے فی لیٹر اضافہ کردیا گیا ہے۔ اس اضافے کے ساتھ پیٹرول کی نئی قیمت 127 روپے 30 پیسے جب کہ ڈیزل کی قیمت 122 روپے چار پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے۔
اس کے علاوہ مٹی کے تیل کی قیمت میں 7 روپے دو پیسے اضافہ کیا گیا ہے جس کے بعد اس کی نئی قیمت 99 روپے 31 پیسے ہوگئی ہے۔
گزشتہ روز اوگرا نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں سوا پانچ روپے تک اضافے کی سمری حکومت کو ارسال کی تھی۔
واضح رہے کہ نئی قیمتوں کا اطلاق آج رات 12 بجے کے بعد سے ہوگا۔
حکومت موازنہ صرف تیل کی قیمت کا ہی کیوں کر رہی ہے قوت خرید اور مہنگائی کا کیوں نہیں کرتی؟
پاکستان میں حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں گذشتہ کئی ہفتوں سے مسلسل اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے اور ان مصنوعات کی قیمتیں ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہیں۔ وفاقی حکومت کی جانب سے یکم اکتوبر کو پٹرول، ڈیزل اور مٹی کے تیل کی قیمتوں میں اضافے کے بعد پاکستان میں ایک لیٹر پٹرول کی قیمت 30.127 روپے اور ہائی سپیڈ ڈیزل کی فی لیٹر قیمت 04.122 روپے اور مٹی کے تیل کی قیمت 31.99 فی لیٹر ہو چکی ہے

شال بقیہ 1

آن لائن سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ جام کمال خان نے کہا کہ اپوزیشن کی جانب سے ایک تحریک جمع کرائی گئی اور جن وجوہات کی بنا پر یہ تحریک پیش کی گئی تھی اس کی ایک جھلک ہم نے بجٹ سیشن میں دیکھا بلکہ ایک دو سال سے یہ سلسلہ جاری ہے انہوں نے کہا کہ پی اے پی ہو یا اتحادی جماعتیں یہ محسوس کررہی ہے کہ اپوزیشن کا جو احتجاج ہے اس میں ہر سال اضافہ ہورہا ہے دو چیزیں ہوتی ہے اگر کوئی حکومت اچھا کام نہیں کررہی اپوزیشن چاہے گی کہ وہ اپنے 5 سال پورا کرے وہ گھر جائیں ان کی بدنامی ہوں ان کی ذلت کا باعث بنے لیکن اگر حکومت ایسا کام کررہی ہے جو اپوزیشن کی نشستوں اور جماعتوں میں ایک ہلچل پیدا کررہی ہے تو یہ سارے مسائل ہیں جن کی وجہ سے اپوزیشن متحرک ہے اور کوشش کرتے ہیں بلوچستان حکومت کو سٹیبل نہ رہنے دیں اس کی وجہ سے یقینی طور پر ان کی کوشش ماضی میں بھی رہی ہے اس بار بھی کوشش رہے گی کہ اتحادی جماعتوں اور بلوچستان عوامی پارٹی میں ایسا ماحول پیدا کرے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ دنوں سے ایک پروپیگنڈا وقت دیا جارہا ہے کہ وزیراعلیٰ ہر چیزیں اپنے حلقے میں لے گئے ہیں وزیر خزانہ بھی ناراض ارکان میں سے ہیں ہم نے پورے بلوچستان پر توجہ دی ہے تین سالہ پی ایس ڈی پی کو دیکھا جائے تو ہر ضلع میں برابری کی بنیاد پر وسائل تقسیم کئے ہیں اور جہاں کمی وبیشی ہوں تو وفاقی پی ایس ڈی پی میں کمی کو دور کرنے کی کوشش کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں پہلا کینسر ہسپتال بن رہا ہے اس کے علاوہ بلوچستان میں صحت کا بجٹ 21 بلین روپے کا ہے جس میں آرتھو سیز، بی ایچ یوز، ٹیلی میڈیسن ودیگر ہے۔ انہوں نے کہا کہ تین سالوں میں ایسی کوئی نوبت نہیں آئی کہ کمشنر یا ڈپٹی کمشنرز کی بات ہو ہم ایک میکنزم کے تحت منتخب ارکان کی مشاورت سے جاتے ہیں ایسے لوگوں کو لاتے ہیں جن میں معاملات آگے بڑھانے کی صلاحیت ہوں اس مسئلے میں اپوزیشن کا بڑا کردار ہے اپوزیشن خوش نہیں کہ ہم کیوں ان کے اضلاع میں کام کررہے ہیں اور سب سے بڑا ایک مولیو ہے کہ حکومت ہمارے اضلاع میں کام نہ کرے باقی اپنے اضلاع میں جیسے کرنا ہے وہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ اتحادی جماعتوں کے 28 ارکان کے علاوہ 14 ارکان جن کی تھوڑی بہت رنجشیں ہیں 80 فیصد سب سے مل کر آیا ہوں ان کے مسائل حل کرینگے۔

شال بقیہ 2

وزیر خوراک وبہبود آبادی سردار عبدالرحمن کھیتران، بی ٹی آئی کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر نصیب اللہ مری نے منگل کو بلوچستان اسمبلی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی کے ارکان اسمبلی وزیراعلیٰ کے مشیر محمد خان لہڑی، وزیراعلیٰ کے مشیر میر میر اکبر آسکانی، عبدالرشید بلوچ، پارلیمانی سیکرٹریز میر سکندر عمرانی، بشریٰ رند، ماہ جبین شیران، رکن صوبائی اسمبلی لیلہ ترین بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ وزیراعلیٰ جام کمال خان پر بلوچستان عوامی پارٹی کے 11 ارکان نے عدم اعتماد کا اظہار کیا تھا صوبے میں بڑھتی ہوئی بے چینی، بیڈ گورننس، ترقیاتی معاملات میں جمود اس عدم اعتماد کی وجوہات ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے دو دھڑے ہیں ہمارے درمیان گفت وشنید ہوئی اور طے پایا کہ بجائے کہ تحریک عدم کے وزیراعلیٰ کو 2 ہفتے کا وقت دیا جائے تاکہ وہ خود عوام، ارکان اسمبلی اسمبلی کی خواہشات کو مدنظر رکھتے ہوئے مستعفی ہوجائیں لیکن استعفیٰ دینے کی بجائے سوشل میڈیا، پرنٹ والیکٹرانک میڈیا پر خبریں دی گئیں کہ ہمارا گروپ جو وزیراعلیٰ کے خلاف ہے ٹوٹ چکا ہے۔

شال بقیہ 3

یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر جان محمد سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات کے دوران یونیورسٹی کی کارکردگی، گوادر کیمپس کی ترقی اور آسکو کا لائحہ عمل بھی زیر بحث آئے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ بلاشبہ تربت یونیورسٹی نے بہت قلیل مدت میں اپنا نام کمایا۔ ہماری مشترکہ کاوشوں سے درخشندہ مستقبل کے امکانات روشن ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سردست ہمیں جدید تقاضوں سے ہم آہنگی پیدا کرنے اور عوام دوست پالیسیوں کی تشکیل اور ان پر عملدرآمد کیلئے متعلقہ ویژن و دانش کے حامل افراد کی اشد ضرورت ہے۔

شال بقیہ 4

کہ بلوچستان نیشنل پارٹی نے روز اول سے جام کمال کی طرز حکمرانی کو مسترد کردیا تھا اقتدار بادشاہت نہیں ہوتی جہاں عوام کو رعایا تصور کیا جاتا ہے مظالم اور ناانصافیوں کے پہاڑ توڑے جاتے ہو مگر اقتدار کی نرم کرسی نے شائد جام کمال خان کو یہ بھلا دیا ہے کہ وہ وزیراعلیٰ ہیں بادشاہ سلامت نہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی اپنے اصولی موقف پر قائم ہے تحریک عدم اعتماد متحدہ اپوزیشن کی جانب سے لائی گئی ہے یہ وہی ارکان ہے جن پر شہنشاہ معظم کے اکثامات سے ان کے پیادوں نے بکتر بند گاڑیاں چڑھائیں تھیں آج وہ اپنا آئینی جمہوری حق استعمال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ کو گھر بھجوانے کی تحریک میں اپنا عملی کردار ادا کررہے ہیں کسی طرح بھی متحدہ اپوزیشن کی تحریک عدم اعتماد کو پی ڈی ایم کے ساتھ جوڑنا حقائق سے منافی ہے تحریک عدم اعتماد بلوچستان میں متحدہ اپوزیشن اپنی طرف سے لائی ہے جسے کامیاب کرانے کیلئے بلوچستان نیشنل پارٹی بھرپور کردار ادا کرے گی۔

شال بقیہ 5

روزگاری کے بحران سے نمٹنے کے لئے ضروری ہے کہ صنعت وتجارت سمیت دیگر پیداواری شعبہ جات کو ترقی دینے کا سامان کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہمسائیہ ممالک کے ساتھ کاروباری تعلقات میں بہتری پاکستان اور بلوچستان کی معاشی ترقی کی ضامن ثابت ہوگی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے زراعت سے وابستہ افراد بلوچستان اور ملک کے دیگر اکائیوں کی پھلوں اور سبزی جات کی ضروریات پوری کرتا ہے یہاں کے فروٹس اور سبزی جات اپنی مثال آپ ہے، انہوں نے کہا کہ کاشتی کا شعبہ صوبے اور ملک کی ریونیو میں اضافہ اور معدنی ضروریات کو پورا کرنے میں معاون ثابت ہورہا ہے اس شعبے کو بھی جدید خطوط پر استوار کرنے کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کا کہنا تھا کہ ملک میں سرمایہ کاری راغب کرنے کیلئے سازگار کاروباری ماحول فراہم کرنے کے اقدامات کیے جارہے ہیں، کاروبار میں آسانی کیلئے کیے جانے والی اصلاحات سے مثبت نتائج برآمد ہوئے ہیں، ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی کاروبار میں آسانی کی عالمی درجہ بندی میں 136 سے 108 ویں پوزیشن تک بہتری آئی ہے جو کہ خوش آئند اور حوصلہ افزاء ہے، انہوں نے کہا کہ حکومت کاروبار اور انڈسٹری کی سہولت اور استحکام پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں، حکومت نے تاجر برادری اور معاشرے کے کمزور طبقات کو کورونا کی عالمی وباء کے دوران ریلیف فراہمی کے لئے اہم اقدامات کئے انہوں نے کہا کہ ملک میں کاروبار اور اسمال اینڈ میڈیم انٹرپرائز کے فروغ کیلئے کامیاب جوان پروگرام کے تحت 100 ارب روپے مختص کیے گئے، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے وفد کی جانب سے پیش کئے گئے مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی۔

شال بقیہ 6

پلاننگ مشاورتی ورکشاپ" سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ این سی آر سی کے قیام کے لیے موجودہ حکومت کے اقدام کا ذکر کرتے ہوئے ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری نے کہا کہ این سی آر سی کو بااختیار بنانے کی ضرورت ہے کیونکہ یہ کمیشن ملک بھر میں بچوں کی حفاظت کے لیے پالیسیوں کی یکسانیت کے لیے پل کا کردار ادا کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ ہمارے معاشرے میں بچوں کو درپیش چیلنجوں سے پوری طرح آگاہ ہے اور پارلیمنٹ نے بچوں کو ہر قسم کی ہراسانی سے بچانے کے لیے زینب الرٹ ریسکیو اور ریکوری ایکٹ 2020 جیسی قانون سازی کی ہے۔

شال بقیہ 7

حیثیت کے بیٹے و بیٹی کو لارنس کالج، ایچی سن اور مچھے نجی اداروں میں حاصل ہوتی ہے سرکاری سطح پر ایسے معیاری تعلیمی اداروں کا قیام یقینی بنائیں گے جو ایک غریب کے بیٹے کو بھی اعلیٰ سول سروس اور ممتاز داخلی معاشرتی مقام تک لے جائے سردار رند نے کہا کہ بلوچستان کے تمام علاقوں میں بلا امتیاز معیاری تعلیم کا فروغ ہماری ترجیح اور نصب العین ہے اور دستیاب وقت میں جس قدر ہوسکا عوام کو معیاری تعلیم کی سہولیات کی فراہمی کے لئے اقدامات کو بار آور بنانے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے جس کے نمایاں اثرات اور نتائج عوام خود محسوس کریں گے۔

شال بقیہ 8

اس وقت ملک کی بقا خطرے میں ہے ہم ملک میں آئین کو بچانے نکلے ہیں جمہوریت اور آئین بچانے کیلئے ہر قسم کی تحریک چلائیں گے انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں نے سینٹ الیکشن کے بعد متفقہ فیصلہ کیا تھا کہ چیئرمین پی پی پی اور ڈپٹی چیئرمین پی پی کا ہوگا لیکن الیکشن میں پی پی کے سینیٹرز نے معاہدے کی خلاف ورزی کی اور ہم الیکشن ہار گئے جبکہ سینٹ میں قائد حزب اختلاف کے الیکشن میں بھی پی پی نے باپ کے ساتھ مک مکا کرکے پی ڈی ایم کو دھوکہ دیکر ہمیں مایوس کیا انہوں نے کہا کہ اب ہم نے پی پی پی اور اے این پی کیلئے شرط رکھی ہے کہ وہ ہمارے شوکاز نوٹس کا مدلل جواب دیکر پی ڈی ایم میں واپس آسکتے ہیں۔

شال بقیہ 9

اعتماد کامیاب ہوں یا نہ ہوں مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا بلوچستان میں وزارت اعلیٰ پر براجمان جام کمال چلا جائے تو قدوس بزنجو آئے یا پھر باپ پارٹی سے کوئی اور آجائے گا یہ فیڈریشن ہمارا ہے جس کے اندر رہ کر ہم اپنے سائل وسائل اور اپنے حقوق کی بات کرتے ہیں حکومت بلوچستان کے ترجمان ایک کنٹریکٹ ملازم ہے ان کو سیاسی لوگوں کے درمیان بات کا کوئی حق نہیں ہے یا پھر باپ پارٹی میں شمولیت اختیار کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آن لائن سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا کہ بلوچستان میں وزیراعلیٰ کے خلاف تحریک عدم اعتماد کامیاب ہوں یا نہ ہوں مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ جو جماعت 12 گھنٹے میں تشکیل پائی ہے تو ظاہر ہے کہ اس سیاسی جماعت کا کوئی سیاسی سمت نہیں ہوگا۔

شال بقیہ 10

عمارتی لکڑی اور خاص کر ایندھن کے متبادل ذرائع فراہم کرنا اشد ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں میرا جان کاکڑ کی قیادت میں وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ ہندوانک ایک خوبصورت علاقہ ہے اور یہ پورے ملک کے سیاحوں کیلئے سیاحت کا ایک بہترین مرکز بن سکتا ہے۔ وفد نے گورنر بلوچستان کو ہندوانک کے عوام کو درپیش مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ گیس کی عدم فراہمی سے لوگ کئی مشکلات سے دوچار ہیں، گورنر بلوچستان نے ان کے مسائل کو فوراً سنا اور ان کے حل کیلئے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

شال بقیہ 11

لیے موثر اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے پاکستان کے قیمتی تاریخی اور ثقافتی اثاثوں سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے ملک میں سیاحت کے شعبے کی ترقی پر توجہ دینے کی بھی ہدایت کی۔ مزید برآں، وزیراعظم نے بورڈ آف انویسٹمنٹ (BOI) کو موثر بنانے کی ہدایت کی تاکہ لوگوں کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لیے ملک میں کاروبار کرنے میں آسانی کو یقینی بنایا جاسکے۔ وزیراعظم کو ملک کی موجودہ معاشی صورتحال پر بھی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے ملک میں عام لوگوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کے لیے موثر اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔

شال بقیہ 12

تنازعات کے حل اور دونوں ملکوں کے درمیان روابط، جوہری اور اسٹریٹجک فوجی توازن کو برقرار رکھ کر ہی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قاشت بھارتی حکومت کے اقدامات سلامتی کونسل کی قراردادوں کی خلاف ورزی ہیں، بھارت نے کشمیریوں اور اپنی 20 کروڑ مسلم اقلیت پر وحشیانہ تسلط جاری رکھا ہے، پاکستان اور دیگر پڑوسیوں کے خلاف بھارت ریاستی دہشت گردی کررہا ہے۔ منیر اکرم نے کہا کہ بھارت کو ہتھیار دینے والی ریاستوں کو علم ہونا چاہیے کہ 70 فیصد بھارتی ہتھیار اور افواج پاکستان کے خلاف تعینات ہیں، جنوبی ایشیاء میں امن و استحکام پاکستان اور بھارت میں تنازعات کے حل سے ہوسکتا ہے۔

شال بقیہ 13

گی ہے کہ وزیراعظم عمران خان اپوزیشن لیڈر شہباز شریف سے مشاورت کریں گے۔ ایک انٹرویو میں اٹارنی جنرل خالد جاوید نے کہا کہ نیب ترمیمی آرڈیننس (آج) بدھ کو جاری کیا جائے گا، چیئرمین کی تعیناتی، توسیع پر اپوزیشن لیڈر سے مشاورت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ نئے قانون پر چیئرمین کو بنانے کا اختیار سپریم جوڈیشل کونسل کو ہوگا، یہ وہی طریقہ کار ہوگا جو آڈیٹر جنرل، عدلیہ ججز کے لیے ہے۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ یہ وہی طریقہ کار ہوگا جو ای سی ممبران، چیف الیکشن کمشنر کے لیے ہے، نئے قانون پر نیب عدالت کو ملزمان کو ضمانت دینے کا اختیار ہوگا۔ نیب ترمیمی آرڈیننس کیلئے قائم کمیٹی میں اپوزیشن لیڈر سے مشاورت کی تجویز دی تھی۔

شال بقیہ 14

بیان میں پیپلز پارٹی کے سینٹر رہنما و سینیٹر رضا ربانی نے کہا کہ تحقیقاتی سیل کا مقصد اپوزیشن اور میڈیا کو مروڑنا ہے، پنڈورا پیپرز تحقیقات کیلئے سیل مسترد کرتے ہیں۔ رضا ربانی نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان معائنہ کمیشن کے پاس ایسی تحقیقات یا انکوائری کا مینڈیٹ نہیں، ایسی کوئی بھی کارروائی غیر قانونی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جسٹس عیسیٰ کے خلاف وزارت قانون اور مشیر احتساب کی غیر قانونی تحقیقات کو سپریم کورٹ نے غیر قانونی قرار دیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ منکرا کے ذریعے میڈیا پاؤسنری تحقیقات جج، جیوری اور جلاد کے مترادف ہے، اسے مسترد کرتے ہیں، ایف بی آر کو معاملہ بھجوانے کا کوئی فائدہ نہیں، یہ ایک ڈھال ہے۔ سینیٹر رضا ربانی نے کہا کہ ایف بی آر نے پانامہ پیپرز میں پہلے نوٹس کے بعد کچھ نہیں کیا تھا، حکومت کی جانب سے اپنے ساتھیوں کے احتساب کی تاریخ بہت خراب ہے۔ پی پی کے رہنما نے کہا کہ چینی اور گندم اسکینڈل کی رپورٹس سرد خانے میں ڈال دی گئیں، پیٹرول، صحت کے معاون خصوصی نے پیٹرول اور ادویات کی قیمتوں میں اضافے کے اسکینڈل پر استعفیٰ دیا مگر کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔

شال بقیہ 15

سے توجہ ہٹانے کیلئے کھٹا ڈرامہ اور بے بنیاد پروپیگنڈہ کرتا رہتا ہے، کور کمانڈرز نے افغانستان کی انسانی اور سیکیورٹی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ بامقصد اور پائیدار بات چیت سے افغانستان میں امن و استحکام کو یقینی بنانے کی راہ ہموار کرے۔ ترجمان افواج پاکستان کے مطابق 244 ویں کور کمانڈرز کانفرنس آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی زیر صدارت جی ایچ کیو میں ہوئی جس میں تمام کور کمانڈرز اور پرنسپل سٹاف افسران نے شرکت کی۔ شرکاء نے علاقے میں تیزی سے بدلتی ہوئی سیکیورٹی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا خصوصی طور پر داخلی سلامتی اور بارڈر مینجمنٹ سے متعلق امور زیر غور آئے۔ کانفرنس کے شرکاء کو بتایا گیا کہ پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے والی نادیدہ قوتوں کے عزائم کو ناکام بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔

شال بقیہ 16

دعوے کا کیا ہوا کہ گرین پاسپورٹ کی عزت کروائیں گے، باہر سے لوگ یہاں نوکری کے لیے آئیں گے، کہاں گئیں ایک کروڑ نوکریاں، 50 لاکھ گھر، عوام آپ سے حساب لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح یہاں کے عوام نے وفاقی وزرا کی فوج، مسلم لیگ (ن) کی مقامی حکومت کا مقابلہ کرکے پاکستان پیپلز پارٹی کو قائد حزب اختلاف کا عہدہ سونپا اس پر میں کشمیری عوام کا شکر گزار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے پورے ملک کو دکھا دیا ہے کہ کشمیر کا بھٹو، کشمیر کی پی پی زندہ ہے، ان پہاڑوں میں اگر کوئی سیاسی جماعت ہے، کوئی سیاسی کارکن ہے تو وہ پاکستان پیپلز پارٹی سے تعلق رکھتا ہے۔ چیئرمین پی پی نے اپنے ورکرز کو ضمنی انتخاب میں پیپلز پارٹی کو ووٹ دینے کی ترغیب دلاتے ہوئے کہا کہ یہ کٹھ پتلی حکومت سازشوں میں لگی ہوئی ہے، انہیں معلوم ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا کشمیر سے صرف سیاسی رشتہ نہیں، ہمارا نسلوں کا رشتہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے سوچا کہ اگر چوہدری نثار کے بیٹے پر جعلی مقدمہ قائم کرکے جیل بھیج دیا جائے تو یہ ہمت ہار جائیں گے؟ یہ ضمنی انتخاب میں مقابلہ نہیں کرسکیں گے اور بھاگ جائیں گے لیکن یہ ان کی بھول ثابت ہوئی۔

شال بقیہ 17

بلوچستان ڈاکٹر مالک بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میر جمہوریت میر حاصل خان بزنجو نے ملک میں جمہوریت آئین وقانون کی بالادستی اور عوام کی سربلندی کے بیانیہ کو بلند وتوانا آواز میں اجاگر کیا۔ میر حاصل خان بزنجو نے سیاسی مزاحمت کی داغ بیل ڈالی جس کی تقلید آج ملک بھر کے سیاسی جماعت پی ڈی ایم کی صورت میں کررہے ہیں۔ بلاشبہ میر حاصل خان بزنجو پی ڈی ایم کی تخلیق کرنے والے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جمہوری جماعتیں ہی سماج کو تحریک و انقلاب کی طرف گامزن ہوسکتے ہے۔ سیاسی عمل ہی قوموں کی بقاء و تشخص کا ضامن ہوتا ہے۔ نیپ کی جدوجہد سے دن یونٹ کا خاتمہ اور بلوچستان قومی وحدت بنا۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی نے ملک کی جمہوری جماعتوں کے ساتھ ملکر 18 ویں ترمیم کے ذریعے قومی اختیار کو آئینی تحفظ فراہم کیا۔ جب بھی ملک میں آئین و قانون کی حکمرانی ممکن ہوا تو 18 ترمیم قومیتوں کے اختیار کے حصول میں سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کی فکری ونظریاتی اور عوامی سیاست نے صوبے میں موجود نفرت وتعصب کی سیاست کا خاتمہ کردیا۔

شال بقیہ 18

۔احتساب عدالت میں سماعت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کا کہنا تھا کہ نام نہاد احتساب کا عمل جاری ہے، دو سالوں میں اب تک آٹھ گواہان کا بیان ریکارڈ ہوسکا ابھی مزید 52 گواہ باقی ہیں، پندرہ بکس میں سات سو لوگوں کے نام آئے، انصاف کا تقاضا ہے کہ ملوث افراد کے خلاف آزادانہ تحقیقات ہوں، جب نواز شریف وزیراعظم ہوتے ہوئے تحقیقاتی ٹیم کے سامنے پیش ہوسکتے ہیں تو وزراء کیوں نہیں۔ شاہد خاقان عباسی نے چیئرمین نیب اور حکومت کو ہدف تنقید بناتے ہوئے کہا کہ قانون و آئین کے برخلاف جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال کی مدت ملازمت میں توسیع کی جارہی ہے۔ سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ جب سے حکومت بنی کمیشن بنے مگر نتیجہ صفر ہے، سزا انکوہی ملی جو نواز شریف کے ساتھ ہیں۔

شال بقیہ 19

انہوں نے کہا کہ پنڈورا پیپرز کی تحقیقاتی سیل کی نگرانی وزیراعظم کریں گے، تحقیقاتی سیل عدلیہ کی بجائے وزیراعظم کو رپورٹ کریں گے جس کا نتیجہ آٹا چینی گندم کمیشن جیسا ہی ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن سے صرف الزام کی بنیاد پر استعفیٰ مانگنے والا اب اپنے لوگوں سے استعفیٰ کیوں نہیں لے رہا؟۔ انہوں نے کہا کہ پنڈورا پیپرز کے لئے بھی خان صاحب وہی طریقہ اپنائیں جو اپوزیشن ارکان سے وہ خود مطالبہ کرتے رہے ہیں، وزیراعظم بے آئی ٹی تشکیل دیں اور تحقیقات مکمل ہونے تک اپنے کابینہ ارکان سے فوری استعفیٰ لیں، تحقیقاتی سیل کے ذریعے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کا فیصلہ قبول نہیں۔

شال بقیہ 20

جانب بڑھیں گے، مشترکہ اجلاس میں قانون ازی کی جانب بڑھیں گے، اپوزیشن سے بات چیت بھی جاری رہے گی، انتخابی اصلاحات کے حوالے سے اپوزیشن کا رویہ سمجھ سے بالاتر ہے، اپوزیشن جلسوں میں رونے دھونے کی بجائے پارلیمنٹ میں اپنا کردار ادا کرے، آف شور کمپنیز کی قانونی حیثیت کا جائزہ لینے کے بعد اقدامات کئے جائیں گے، ڈاکٹرز کی ڈگری کے لیے اسٹینڈرڈ بائی ہونا چاہیے، سردیوں میں گیس کی بجائے بجلی کے استعمال پر ریلیف دیا جائیگا، چیئرمین نیب کا موضوع کابینہ کے اجلاس میں زیر بحث نہیں آیا، ممکنہ طور پر آئندہ روز ہم آرڈیننس پیش کریں گے۔

شال بقیہ 21

جات میں دوطرفہ اقتصادی، تجارتی و دفاعی تعاون کے فروغ کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر خارجہ نے ماہ اکتوبر کیلئے سیکورٹی کونسل کی صدارت کا منصب سنبھالنے پر کینیا کی وزیر خارجہ کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں وزرائے خارجہ کے مابین افغانستان کی ابھرتی ہوئی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ قریبی ہمسایہ ہونے کے ناطے افغانستان میں ابھرتے ہوئے انسانی و معاشی بحران پر گہری تشویش ہے، اگر افغانستان میں صورتحال مزید خراب ہوئی تو افغان مہاجرین کی یلغار سمیت بہت سے مضمرات سامنے آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ عالمی برادری افغانوں کو انسانی و معاشی معاونت کی فراہمی کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے، وزیر خارجہ نے کینیڈین ہم منصب کو، نیدرلینڈ میں موجود سعودی عرب جانے کے منتظر پاکستانیوں کی فوری معاونت کی درخواست کی، کینیڈین وزیر خارجہ رنگیل اوامو نے نیدرلینڈ میں سعودی عرب جانے کے منتظر پاکستانیوں کو جلد سعودی عرب بھجوانے کیلئے ہر ممکن معاونت فراہم کرنے کی یقین دہانی کروائی، دونوں وزرائے خارجہ نے 30 جنوری 2020 کو نیدرلینڈ میں ہونیوالی ملاقات کے پس منظر میں باہمی روابط جاری رکھنے پر زور دیا۔

شال بقیہ 22

علاقے کی ترقی میں بھی نمایاں پیش رفت ہوگی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ دونوں ممالک کے مابین برادرانہ اور دوستانہ تعلقات ہماری خارجہ پالیسی کا اہم جزو ہیں۔ ایوان بالا میں قازقستان، پاکستان دوستی گروپ موجود ہے، جس کے ذریعے دونوں ملکوں کے مابین پارلیمانی تعلقات کو مزید مربوط بنایا جاسکتا ہے، پاکستان اور قازقستان کے مابین بین الاقوامی فورمز کی سطح پر بھی بہترین تعلقات ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان اور قازقستان نے اکثر بین الاقوامی اور علاقائی امور پر یکساں موقف اختیار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی تعلقات کے فروغ سے معاشی اور اقتصادی شعبوں میں تعاون سے استحکام آئے گا۔ پاکستان وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ رابطہ کاری کے فروغ کو مزید مستحکم کرنے کے سلسلے میں کوشاں ہے۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ ادارہ جاتی تعاون کی بدولت عوامی سطح پر روابط کو مزید بڑھانے میں مدد ملے گی۔ قازقستان کے سفیر نے پاکستان کی ثقافت اور مہمان نوازی کی تعریف کی اور کہا کہ قازقستان پاکستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے سفیر کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 23

ہے، ضافے سے حکومت عوام کی جیبوں پر 90 ارب کا ڈاکا ڈالے گی۔ انہوں نے کہا کہ 3 سال میں بجلی کی قیمتوں میں 40 فیصد اضافہ کیا گیا ہے، بالجلی کے خسارے پورے کرنے کے لئے عوام پر بوجھ کیوں ڈالا جارہا ہے؟ نااہل حکومت کو اب گھر جانا چاہیے۔

شال بقیہ 24

کاروائی کریں، یہ بات انہوں نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہی انہوں نے کہا کہ پولیس سمیت تمام سیکورٹی فورسز کسی بھی کاروائی کے دوران طاقت کے استعمال سے اس وقت تک گریز کرتی ہیں جب تک صورتحال انتہائی ناگزیر نہ ہو لیکن بلیدہ میں جس طرح ایک بچے کو سیدھے طور پر فائرنگ سے شہید جبکہ دوسرے کو زخمی کیا گیا یہ عمل انتہائی تشویشناک ہے انہوں نے کہا کہ اگر کسی بھی قسم کی اشتعال انگیزی یا طاقت کا استعمال کیا گیا تھا تو پولیس اس صورتحال سے بہتر انداز میں نمٹ سکتی تھی مگر ایک گھر کے اندر فائرنگ کرنے کے عمل نے کئی سوالات کو جنم دیا ہے جو جواب طلب ہیں انہوں نے کہا کہ راحز کے والدین سینکڑوں کلومیٹر سفر کرکے کوئٹہ صرف انصاف کی تلاش میں آئے ہیں ہونا یہ چاہیے تھا کہ حکومت فوری طور پر انکے جائز مطالبات کو تسلیم کرکے جوڈیشل کمیشن قائم کرتی مگر ایسا نہیں کیا گیا انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) معصوم بچے راحز کے والدین کے مطالبات کی مکمل حمایت کرتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ ان مطالبات کو فوری طور پر تسلیم کرتے ہوئے انہیں انصاف فراہم کیا جائے۔

شال بقیہ 25

بابر الحوان اور وزیر قانون فروغ نسیم نے تجویز کیں۔ مسودے میں موجودہ چیئرمین کی توسیع کے متعلق قانونی نکات کا جائزہ بھی لیا گیا۔

شال بقیہ 26

راحز جاں بحق ہوا تھا جس پر لواحقین نے تربت میں دھرنے کے بعد لاش کے ہمراہ کوئٹہ میں دھرنے کا اعلان کیا۔ منگل کے روز لواحقین 10 سالہ بچے کے ہمراہ کوئٹہ پہنچے جہاں پر انہوں نے شہید فیاض سنبھل چوک پر دھرنا دیدیا۔ اس موقع پر لواحقین کا کہنا تھا کہ وہ انصاف کیلئے تربت سے کوئٹہ لانگ مارچ کرکے آئے ہیں بلیدہ میں چھاپے کے دوران فائرنگ سے 10 سالہ بچہ راحز جاں بحق جبکہ ان کا چھوٹا بھائی زخمی ہوا تھا راحز پولیس کی فائرنگ سے جاں بحق ہوا ہے ہمیں انصاف فراہم کیا جائے۔ دریں اثناء بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر ملک سکندر ایڈووکیٹ، جمعیت علماء اسلام کے رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد نواز کاکڑ، بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ملک عبدالولی کاکڑ، پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء رحمت صالح بلوچ، بلوچستان عوامی پارٹی کے ارکان اسمبلی حاجی اکبر آسکانی، لالا عبدالرشید بلوچ، میر عبدالرؤف رند ودیگر نے دھرنے کے شرکاء سے اظہار یکجہتی کی۔ ملک سکندر ایڈووکیٹ، ملک نصیر شاہوانی ودیگر نے پولیس کے مبینہ طور پر فائرنگ سے جاں بحق بچے کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ قانون کی رٹ نہ ہونے سے ایسے واقعات جنم لیتے ہیں جام کمال نے صوبے کی امن وامان کا بیڑہ غرق کردیا ہے آج ہر شخص انصاف کیلئے لانگ مارچ کا سہارا لینے پر مجبور ہیں، اپوزیشن لواحقین کے تمام جائز مطالبات کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔

شال بقیہ 27

مطابق بعد ازاں معزز مہمان کا پرنسپل اسٹاف آفیسرز سے تعارف کرایا گیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق کمانڈر رمال سعودی نیول فورسز نے سربراہ پاک بحریہ سے ملاقات کی۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی میری ٹائم سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق معزز مہمان کو پاک بحریہ کی ذمہ داریوں اور استعداد کار کے حوالے سے بریفنگ بھی دی گئی۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق معزز مہمان نے خطے میں بحری سیکیورٹی اور استحکام کے حوالے سے پاک بحریہ کی کاوشوں کو سراہا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق پاکستان اور سعودی عرب کے مابین مضبوط مذہبی، ثقافتی اور دفاعی روابط قائم ہیں۔ سربراہ پاک بحریہ کے مطابق کمانڈر رمال سعودی نیول فورسز کے اس دورے سے دونوں برادر ممالک کے مابین تعلقات کو مزید فروغ

استاد کسی بھی معاشرے کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، چیف سیکرٹری بلوچستان

استاد اور شاگرد کا رشتہ انسانی زندگی کا وہ ستون ہے جو زندگی کو رنگوں سے بھر دیتا ہے

جولائی 2021 سے اسکالرشپ کا اجراء کیا گیا اور یہ اسکالرشپ تین سال کیلئے ہوگی، مطہر نیاز رانا

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا نے اساتذہ کے عالمی دن کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ استاد کسی بھی معاشرے کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں اساتذہ کا عالمی دن یونیسکو کا بہترین اقدام ہے۔ ایک ایسا دن جب دنیا بھر کے تمام اساتذہ کو ان کی بے لوث خدمات کے عوض خراج تحسین پیش کیا جاتا ہے۔ اسکا ایک اہم مقصد اساتذہ کو درپیش مسائل کا تدارک بھی کرنا ہے۔ عالمی ٹیچرز ڈے اس عالی شان اظہار کی نمائندگی کرتا ہے جو کہ تعلیم کے میدان میں ترقی کیلئے اساتذہ کرام خدمات انجام دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر والدین بچوں کی پرورش کرتے ہیں تو اساتذہ ان کی ذہنی نشوونما کرکے انہیں مستقبل کا مفید شہری بناتے ہیں۔ انہوں نے بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ وفاقی وزارت انسانی حقوق کے زیر اہتمام آئی جی ٹریننگ سجاد ترین پولیس افسران کی تربیتی ورکشاپ میں اظہار خیال کر رہے ہیں

امارت اسلامی افغانستان کے تسلیم اب ناگزیر ہو چکا ہے، سید عبدالستار شاہ چشتی

خطے کے ربط، ترقی اور خوش حالی کے لیے پرامن افغانستان کلیدی اہمیت کا حامل ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے امارت اسلامی افغانستان کی تسلیم کرنے پر وزیراعظم عمران خان کے بیانیہ کو سراہتے ہوئے کہا کہ امارت اسلامی افغانستان کے تسلیم اب ناگزیر ہو چکا ہے عالمی قوتوں کو امارت اسلامی افغانستان کی اسلامی حکومت تسلیم کرنا پڑیگا افغانستان میں مستقل اور پائیدار امن اور بحرانوں سے نکالنے کے لیے تمام ممالک امارت اسلامی کو تسلیم کریں امارت اسلامی بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

حقدار افراد کو ہر صورت حقوق فراہم کئے جائیں گے، اظہر شہزاد

تمام ممبران بلاک شدہ شناختی کارڈ کی مکمل تحقیقات کریں گے، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد اظہر شہزاد کی زیر صدارت نصیر آباد میں بلاک شناختی کارڈز کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرہ پہلوان خان جمالی، اسسٹنٹ کمشنر خادم حسین کھوسہ، ڈی ایس پی سرکل گلاب خان شیخ، خفیہ اداروں کے نمائندوں سمیت دیگر نے شرکت کی اجلاس میں بلاک شدہ شناختی کارڈ اور اس بابت دیگر مسائل کے متعلق سائلین پیش ہوئے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمن ملاقات کر رہے ہیں

جامعہ بلوچستان میں عالمی یوم اساتذہ پر جوش انداز میں منایا گیا

کوئٹہ (آن لائن) اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے زیر اہتمام جامعہ بلوچستان میں عالمی یوم اساتذہ کو پر جوش انداز میں منایا گیا جس میں کثیر تعداد میں اساتذہ، ملازمین اور طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ تقریب بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

اپنے عوام کی مشکلات کا پورا احساس ہے، نواب زادہ طارق خان مگسی

گنداوہ (نامہ نگار) اپنے عوام کی مشکلات کا پورا احساس ہے گنداوہ کی بجلی سپلائی بحالی کے لئے ہر ممکن تعاون و تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں انشاء اللہ جلدی بجلی سپلائی بحال کر دی جائیگی۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی قائد صوبائی وزیر آب پاشی نواب زادہ طارق خان مگسی، نوجوان لیڈر نوابزادہ میر احمد خان مگسی، ضلعی صدر بی اے پی چیف سردار جلال خان لاشاری اور صدر بی بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات حکومت بلوچستان کے اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات حکومت بلوچستان کے اعلامیہ کے مطابق صوبائی سلیکشن بورڈ I کی سفارش اور مجاز حکام کی منظوری سے سپریٹنڈنٹس (پی پی ایس-17) احمد شاہ اور نصیب اللہ کو 16 جون 2021 سے ریسرچ آفیسر (پی پی ایس-17) کے عہدے پر ترقی دیدی گئی ہے۔

بیوٹمز معاشرے کی تکمیل و ترقی میں اہم کردار ہے، احمد فاروق بازئی

بیوٹمز بلوچستان کے تعلیمی افق پر معجزانی کامیابیاں اور اجالے حاصل کرنے میں کامیاب رہا، وائس چانسلر

کوئٹہ (آن لائن) ابتدائی 19 سال میں ہی بیوٹمز معاشرے کی تکمیل و ترقی میں اہم کردار خوش اسلوبی سے سرانجام دے رہا ہے حالانکہ 19 سال جامعات کی آغاز اور تعلیمی اداروں کی دوڑ میں خود کو منوانے کے لئے انتہائی قلیل تصور ہوتے ہیں بیوٹمز بلوچستان کے تعلیمی افق پر معجزانی کامیابیاں اور اجالے حاصل کرنے میں کامیاب رہا۔ بحیثیت وائس چانسلر میں بیوٹمز کے تمام اساتذہ، انتظامی افسران، اور ہمارا اثاثہ طلباء کو ایماندارانہ اور پرخلوص خدمات سرانجام بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

تعلیم کسی بھی ملک میں نظام کو چلانے کیلئے بنیادی حیثیت رکھتی ہے، حافظ امین اللہ

ترقی یافتہ قوموں نے تعلیم ہی کے بدولت ترقی کے منازل طے کی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلباء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ امین اللہ اور جنرل سیکرٹری حافظ سمیع اللہ سینئر نائب صدر عزیز الحق درویش نصیب خان حافظ رفیع اللہ عبداظاہر عبدالغفور شمشوزئی نصیب اللہ ابدالی تاج محمد خروٹی حافظ شریف اللہ قاری ہدایت اللہ نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ تعلیم کے بہتری کیلئے کوئی سنجیدہ اقدام نہیں اٹھایا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ تعلیم ہی ترقی کا راستہ ہے لیکن بدقسمتی سے ہمارے ملک پاکستان بلخصوص بلوچستان میں بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

وفاقی وزارت انسانی حقوق کا تربیتی سیشن پولیس افسران کیلئے انتہائی اہم ہے، سجاد حیدر ترین

زینب الرٹ ایپ سے متعلق آگاہی فراہم ہونے سے اس کے استعمال میں اضافہ ہوگا

کوئٹہ (خ ن) اے آئی جی پولیس سجاد حیدر ترین، ریجنل ڈائریکٹر وفاقی وزارت انسانی حقوق دانیال سرور خان و دیگر نے کہا ہے کہ زینب الرٹ ایپ سے متعلق آگاہی فراہم ہونے سے اس کے استعمال میں اضافہ ہوگا جس سے کمسن بچوں کی جانیں محفوظ بنانے میں مدد ملے گی، ہیومن رائٹس پوری دنیا میں انتہائی اہمیت کا حامل موضوع ہے۔ وفاقی وزارت انسانی حقوق کا تربیتی سیشن پولیس افسران کیلئے انتہائی اہم ہے زینب الرٹ ایپ سے متعلق آگاہی بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

عوام باشعور اور تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ ساتھ امن پسند اور قانون کے پاسدار ہیں، شبیر احمد مینگل

ہم عوام کے مسائل کا خاتمہ اور ان کو زندگی کی تمام تر سہولیات کی فراہمی اپنا فرض سمجھتے ہیں

پشین (خ ن) ڈپٹی کمشنر پشین شبیر احمد مینگل نے کہا ہے کہ ہم عوام کے مسائل کا خاتمہ اور ان کو زندگی کی تمام تر سہولیات کی فراہمی اپنا فرض سمجھتے ہیں عوام کو تعلیم اور صحت کے ساتھ ساتھ تمام ضروریات زندگی کے لیے سہولیات کی فراہمی حکومت وقت کی ذمہ داری ہے جبکہ عوام کی تائید اور مدد سے ہی جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی ممکن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلعی آفیسران سے بات چیت کرتے ہوئے کیا ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام کے مسائل اور ان بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی کا مسئلہ فوری حل کرایا جائے، رحیم کاکڑ

پورے شہر میں آوارہ کتوں کے غول گھومتے رہتے ہیں فوری طور سے آوارہ کتوں کو تلف کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کوئٹہ ڈویژن کے صدر سابق میئر ناظم رحیم کاکڑ، جنرل سیکرٹری نسیم الرحمن، آغا عمر شاہ جنرل سیکرٹری جاوید اقبال، جنرل سیکرٹری پشین میر وانیس کاکڑ، ارباب اقبال، ذاکر ہنگلوی، آصف حریفال، سلمان درانی، ضمیر اختر، نثار اچکزئی، صابر راجپوت، لیاقت راجپوت نے اپنے اخباری بیان میں سیکرٹری بلدیات اینڈ منسپلٹیز میونسپل کمیٹی سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور سے کوئٹہ شہر کی صفائی ستھرائی کا مسئلہ حل کریں شہر کے بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

عوام کو علاج و معالجہ کے حاصل بنیادی حقوق کو کسی صورت سلب ہونے نہیں دینگے، زیارتوال

محکمہ صحت کے انفراسٹرکچر کو پرائیویٹائزیشن کے ذریعے قبضہ اور تباہ کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دینگے

ملک میں مسلط غلط اور نااہل حکمرانوں کی وجہ سے ہر شعبہ زندگی کے تمام معاملات ٹھپ ہو کر رہ گئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی کے مرکزی و صوبائی سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے کہا ہے کہ عوام کو علاج و معالجہ کے حاصل بنیادی حقوق کو کسی صورت سلب ہونے نہیں دینگے اور محکمہ صحت کے انفراسٹرکچر کو پرائیویٹائزیشن کے ذریعے قبضہ اور تباہ کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دینگے۔ وہ ینگ ڈاکٹر ایسوسی ایشن اور بلوچستان پیرامیڈیکل سٹاف کے نمائندہ وفد سے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں بات چیت کر رہے تھے۔ جنہوں نے اپنے عہدیداروں کی قیادت میں ان سے ملاقات کی اور اپنے مطالبات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر پارٹی کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، ضلع کوئٹہ کے ڈپٹی سیکرٹریز ندا سنگر، رحمت اللہ صابر، نظام عسکر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں مسلط غلط اور نااہل حکمرانوں کی وجہ سے ہر شعبہ زندگی کے تمام معاملات ٹھپ ہو کر رہ گئے ہیں۔

حکومت ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کا کلچر متعارف کرایا، ضیاء اللہ لانگو

پارٹی کارکنوں نے وزیر داخلہ کو ترقیاتی امور پر سفارشات اور تجاویز پیش کیں

قلات کے ہر گاؤں اور ہر علاقے میں جاؤں گا اور عوام کی خدمت کروں گا، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے صوبائی وزیر مواصلات عارف جان محمد حسنی اور رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان ترین، نے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور عوامی مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا اور ین اثناء وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے ایکسین پی ایچ ای، ایکسین سی این ڈبلیو قلات اور بلوچستان عوامی پارٹی کے کارکنان نے وزیر داخلہ آفس میں ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں عمومی سیاسی صورتحال اور عوامی مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پارٹی کارکنوں نے وزیر داخلہ کو ترقیاتی امور پر سفارشات اور تجاویز پیش کیں۔ وزیر داخلہ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کی حکومت نے ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کا کلچر متعارف کرایا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ قلات بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ سے بی اے ضلع زیارت کے صدر عبدالستار کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہیں

لسبیلہ کی خاصخیلی برادری خود کو تنہا نہ سمجھے، سردار رحمت اللہ خاصخیلی

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی لسبیلہ کے سینئر ضلعی رہنما و خاصخیلی برادری لسبیلہ کے سربراہ سردار رحمت اللہ خاصخیلی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ لسبیلہ کی خاصخیلی برادری خود کو تنہا نہ سمجھے۔ خاصخیلی برادری بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

نادرا بلوچستان نے چمن میں نادرا کے زونل آفس کی منظوری دے دی

کوئٹہ (این این آئی) نادرا بلوچستان نے چمن میں نادرا کے زونل آفس کی منظوری دے دی۔ تفصیلات کے مطابق منگل کو ترجمان گورنر بلوچستان نذیر خان اچکزئی اور آل پارٹیز چمن کے رہنماؤں نے ڈی جی نادرا سے انکے دفتر میں ملاقات کی، ملاقات کے دوران انہوں نے چمن میں نادرا کے حوالے سے درپیش مسائل اور زونل آفس کے قیام کے حوالے تفصیلی تبادلہ بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

طویل عرصے کے بعد مرکزی مجلس عمومی کے اجلاس کا انعقاد خوش آئند ہے، حافظ محمد موسیٰ

کوئٹہ (آن لائن) طویل عرصے کے بعد مرکزی مجلس عمومی کے اجلاس کا انعقاد خوش آئند ہے جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری جنرل حافظ محمد موسیٰ حافظ احمد شاہ شاکر حافظ نبیل احمد کاکڑ محمد یوسف صدیق اللہ زندانی عمران کاکڑ حافظ مقصود شاہ عبدالحکیم بائی رفیع اللہ بڑیچ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جمعیت طلباء اسلام پاکستان کا مرکزی مجلس کا اجلاس خوش آئند ہے۔

بچوں میں قوت مدافعت کمزور ہوتی ہے، سید زاہد شاہ

قوت مدافعت بڑھانے کے لیے یہ ویکسین انتہائی موزوں ہے، ڈپٹی کمشنر سبی

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی سید زاہد شاہ کی زیر صدارت 12 سال سے زائد طلباء طالبات کی کرونا ویکسینیشن کے حوالے سے ایک روزہ ورکشاپ منعقد ہوا ورکشاپ میں ڈی ایچ او ڈاکٹر اکبر سولنگی، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر قادر بارون، اور ویکسینیشن کرنے والی ٹیمز نے شرکت کی ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر قادر بارون نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بچوں میں قوت مدافعت کمزور ہوتی ہے قوت مدافعت بڑھانے کے لیے یہ ویکسین انتہائی موزوں ہے ڈپٹی کمشنر سبی بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

جس کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، ڈپٹی کمشنر ذکی محمد عظیم کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (BRSP) کا سہ ماہی ہے ڈی ڈی سی اجلاس منگل کو ڈپٹی کمشنر ذکی محمد عظیم کاکڑ کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوا۔ جس میں مختلف منصوبوں کی پیشرفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں مینیجر پرائمری ہیلتھ کیئر ایجنسی بلوچستان، لوکل گورنمنٹ، محکمہ زراعت، محکمہ صحت، لیبر ڈیپارٹمنٹ، محکمہ آبپاشی، پی ایچ ای، زکوٰۃ کمیٹی، میونسپل کمیٹی اور ایل ایس او کے نمائندوں نے شرکت کی ایگزیکٹوز بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا اور محکمہ تعلیم اور میر عبدالفتوحکتی ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب عالمی ٹیچرز ڈے کے تقریب میں طالبات ٹیبلو پیش کر رہے ہیں

بلوچستان میں کورونا وائرس کے 10 نئے کیسز رپورٹ

رپورٹ کے مطابق صوبے میں کورونا وائرس کے 6 مریض ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں جن میں 4 کو ہائی آکسیجن فلو پر رکھا گیا ہے

صوبے میں کورونا وائرس کا شکار ہونے والے 13 افراد صحت یاب ہوگئے جس کے بعد اب تک صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 31532 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے 10 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد متاثرہ افراد کی 32030 ہوگئی ہے۔ محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق ہفتہ کو بلوچستان کے 5 اضلاع سے کورونا وائرس کے 10 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد اب تک مجموعی طور پر متاثر افراد کی تعداد 32030 ہوگئی رپورٹ کے مطابق صوبے میں کورونا وائرس کا شکار ہونے والے 13 افراد صحت یاب ہوگئے جس کے بعد اب تک صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 31532 ہوگئی جبکہ صوبے میں کورونا وائرس کے فعال مریضوں کی تعداد 149 ہے رپورٹ کے مطابق صوبے میں کورونا وائرس کے 6 مریض ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں جن میں 4 کو ہائی بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا مختلف کلاسز میں پوزیشن لینے والے بچوں میں اسکالرشپ تقسیم کر رہے ہیں

پاٹ سی پی ڈی کا 6 روزہ تربیتی ریفریشر کورس انتہائی خوش آئند اقدام ہے، عظمت اللہ رئیسانی

دور جدید کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ تعلیمی شعبہ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کوئٹہ ڈویژن کے جنرل سیکریٹری عظمت اللہ رئیسانی نے کہا ہے کہ یوسیف کے تعاون سے پاٹ سی پی ڈی کا 6 روزہ تربیتی ریفریشر کورس انتہائی خوش آئند اقدام ہے دور جدید کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ تعلیمی شعبہ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیا جائے اور اساتذہ کو جدید تدریسی طریقوں کے مطابق ریفریشر کورسز کروائے جائیں اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے جو کورس کروایا گیا ہے اساتذہ بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

فرحان یوسفزئی کے قاتلوں کو فوراً گرفتار کیا جائے: چیئرمین یوسفزئی قومی اتحاد

کوئٹہ (آن لائن) یوسفزئی قومی اتحاد کے چیئرمین نور الحق یوسفزئی، ڈپٹی چیئرمین بخت منیر یوسفزئی، صدر آغا شاہ یوسفزئی اتحاد کے صوبائی صدر مولوی امیر محمد یوسفزئی کی سینئر نائب صدر گل داد خان یوسفزئی جوائنٹ سیکرٹری یوسفزئی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فرحان یوسفزئی بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

سیاسی جنگ میں سب کچھ داؤ پر لگا دیا گیا ہے، محمد فائق شاہ

قانون سازی اور اصلاحات میں ناکامی پر حکومت اور اپوزیشن دونوں قوم کے مجرم ہیں

کوئٹہ (این این آئی) امن ترقی پارٹی کے چیئرمین محمد فائق شاہ نے کہا کہ قانون سازی اور اصلاحات کا نہ ہونا آف شور کمپنیوں سے بڑا جرم ہے، جس کے لیے حکومت اور اپوزیشن دونوں مجرم ہیں، یہ ملک اور قوم کا بڑا نقصان ہے، اصلاحات کے بغیر الیکشن ملک کے لیے خطرناک ہوتے جائیں گے، انصاف کے دروازے غریب عوام پر بند ہیں، لاکھوں مقدمات زیر التواء پڑے ہیں، ججز اور عدالتوں کی کمی فوری انصاف میں رکاوٹ ہے، سماجی اور معاشی ادارے اپنا کردار ادا کرنے سے قاصر ہیں، اداروں کی بحالی پر کوئی توجہ نہیں، نظام ڈوب رہا ہے، محمد فائق شاہ نے کہا کہ یہی عوامی نمائندگی کے دعویدار بڑے مجرم ہیں، جنہوں نے قانون و انصاف کے لئے کچھ نہیں۔

استاد خود بادشاہ نہیں بنتا مگر اپنے شاگردوں کو بادشاہ بنا سکتا ہے

معاشرے کی تعمیر بہترین استاد کرتا ہے، ڈی ایس پی قلات غلام حسین باجوئی

قلات (این این آئی) یونیک گرائمر سکول قلات میں ٹیچرز ڈے کے حوالے سے تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں طلباء و طالبات نے خوب صورت ٹیبلوز اور ڈرامہ پیش کئے تقریب میں طلباء و طالبات ٹیچرز کے کردار کو زبردست سراہا تقریب کے مہمانوں خصوصی ڈی ایس پی قلات غلام حسین باجوئی تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈی ایس پی قلات غلام حسین باجوئی محمد یعقوب مینگل آئی جی منظور طیبا انور قدسیہ انور تنویر احمد صدف گل اور دیگر نے کہا کہ استاد خود بادشاہ نہیں بنتا مگر اپنے شاگردوں کو بادشاہ بنا سکتا ہے معاشرے کی تعمیر بہترین استاد کرتا ہے۔

ایڈووکیٹ سپریم کورٹ عبدالسلیم انصاری گزشتہ روز بقضائے الٰہی انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) ایڈووکیٹ سپریم کورٹ عبدالسلیم انصاری گزشتہ روز بقضائے الٰہی انتقال کر گئے مرحوم خرم سلیم کے والد، اظہر سعید پی ایس او ٹو چیف سیکرٹری، منیب بٹ بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

چمن بارڈر طالبان حکومت نے ہر قسم کی آمد و رفت کیلئے مکمل بند کر دی

طالبان نے سیمنٹ کے بڑے بڑے بلاکس اور رکاوٹیں لگا کر دونوں ممالک کے درمیان قائم باب دوستی بھی بند کر دیا ہے

منگل کی صبح جب دونوں جانب سے معمول کے مطابق لوگ سرحد پار کرنے پہنچے تو سرحد کی اچانک بندش کے باعث انہیں پریشانی کا سامنا کرنا پڑا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے چمن اور افغانستان کے اسپین بولدک کے درمیان سرحدی گزرگاہ طالبان حکومت نے ہر قسم کی آمد و رفت کے لیے مکمل طور پر بند کر دی ہے۔ طالبان نے سیمنٹ کے بڑے بڑے بلاکس اور رکاوٹیں لگا کر دونوں ممالک کے درمیان قائم باب دوستی بھی بند کر دیا ہے۔ منگل کی صبح جب دونوں جانب سے معمول کے مطابق لوگ سرحد پار کرنے پہنچے تو سرحد کی اچانک بندش کے باعث انہیں پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ سرحد کی اس جانب پاکستان میں چمن میں افغانستان جانے والے مسافروں کا رش بڑھ گیا ہے۔ چمن سے افغانستان جانے والے ایک افغان شہری عبدالباری نے (غیر ملکی خبر رساں ادارے) کو بتایا کہ وہ علاج کے لیے پاکستان آئے تھے۔ عبدالباری کے بقول بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور اسمگلنگ کا خاتمہ ہمارا نصب العین ہے، ممبر کسٹم آپریشن

یادینی بزنس گیٹ اور قمر الدین کاریز پر جلد کاروباری سرگرمیاں شروع کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) ممبر کسٹم آپریشن سید محمد طارق بدی نے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے وفد کو یقین دلایا ہے کہ یادینی بزنس گیٹ اور قمر الدین کاریز پر جلد کاروباری سرگرمیاں شروع کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے، اس سلسلے میں ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران و ممبران کے تحفظات دور کئے جائیں گے، بلوچستان میں قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور اسمگلنگ کا خاتمہ ہمارا نصب العین ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اسلام آباد میں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے صدر بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

سریاب کسٹم میں سوئی گیس پریشر میں کمی علاقہ مکین کو دشواری کا سامنا

پائپ لائن میں گیس کے بجائے پانی بہنا شروع ہوتا ہے، حاجی عبداسلام بادینی

کوئٹہ (این این آئی) سریاب کسٹم ایریا میں سوئی سدرن گیس پریشر میں کمی اور گیس پائپ لائن میں پانی کی آنا صارفین کو شدید دشواریوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے گیس میں پریشر کی کمی عرصہ دراز سے موجود ہے مگر جب سے سریاب توسیعی کا کام شروع ہوا ہے اس دن سے گیس صارفین کے کنکشن میں پانی موجود ہے ان خیالات کا اظہار مرکزی انجمن تاجران ہزار گنجی زون سریاب کے چیئرمین حاجی عبداسلام بادینی، رحمت اللہ بخاری، سید وجاہت اللہ آغا، حاجی عبدالظاہر، و دیگر نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ پائپ لائن میں گیس کے بجائے پانی بہنا شروع ہوتا ہے حالانکہ کئی بار گیس صارفین سدرن گیس کمپنی کے اعلیٰ احکام کو اس بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ترجمان گورنر بلوچستان نذیر اچکزئی اور آل پارٹیز چمن کے رہنما ڈی جی نادرا سے ملاقات کر رہے ہیں

تعلیم یافتہ شہری ہی عوام کی خدمت کر سکتا ہے، میر احسان ریکی

بسیمہ جو کہ اہم خطے پر واقع ہے اس کی اپنی اہمیت ہے اور سی پیک روٹ پر ہے

صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان کی سربراہی میں صوبے کے دیگر علاقوں کی طرح واشک میں بھی ترقی کے عمل کو جاری کیا ہوا ہے، رکن قومی اسمبلی

واشک (خ ن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی نائب صدر سابق صوبائی وزیر میر مجیب الرحمن محمد حسنی، رکن قومی اسمبلی میر احسان اللہ ریکی نے کہا کہ ضلع واشک کی تحصیل بسیمہ میں۔ ڈپٹی کمشنر کے دفتر اور رہائش گاہ کی تعمیر سے یہاں پر بہتر طور پر سہولیات فراہم ہو سکتی ہیں ان خیالات کا اظہار انھوں نے بسیمہ میں ڈپٹی کمشنر واشک کے لئے زیر تعمیر دفتر، رہائش گاہ اور گورنمنٹ بوائز کالج کی عمارت کے معائنہ کے دوران کیا اس موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی عہدیداران اور علاقائی معززین بھی موجود تھے انھوں نے کہا کہ بسیمہ جو کہ اہم خطے پر واقع ہے اس کی اپنی اہمیت ہے اور سی پیک روٹ پر ہے اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر واشک کے لئے دفتر اور رہائش گاہ کا قیام اہم ضرورت ہے جس بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

عوام کو صحت کی مفت سہولتوں کی فراہمی کیلئے فری میڈیکل کیمپ لگایا گیا

میڈیکل کیمپ میں 950 مریضوں کا معائنہ اور مفت ادویات فراہم کی گئی

فری میڈیکل کیمپوں کے انعقاد کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہیگا

ژوب (آن لائن) عوام کو صحت کی مفت سہولتوں کی فراہمی کیلئے فری میڈیکل کیمپ لگایا گیا میڈیکل کیمپ میں 950 مریضوں کا معائنہ اور مفت ادویات فراہم کی گئی ان خیالات کا اظہار اسلام آباد انٹرنیشنل ہسپتال ریسرچ سنٹر کے جنرل منیجر عبدالرشید خان مروت نے فری میڈیکل کیمپ سے متعلق تفصیلات دیتے ہوئے کیا اسمبلی میڈیکل کمپلیکس میں لگائے گئے ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کے حوالے سے بات چیت کرتے ہوئے جنرل منیجر بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

سکندر حنیج کا بازار کا دورہ، صفائی کی صورت حال، تجاوزات کا جائزہ

ہیلا (آن لائن) سکندر حنیج نے بازار کا دورہ کیا صفائی کی صورت حال اور تجاوزات کا جائزہ لیا ہوٹلوں میں صفائی کے خاص اہتمام کی ہدایات جاری کیں تفصیل کے مطابق ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی ہیلا سکندر حنیج نے منگل کے روز بازار کا گشت کیا ایم سی ہیلا کے کلرک نصیر احمد جعفر عالم موندرہ امتیاز حیدر بلوچ اور عملہ بھی ہمراہ تھا سکندر حنیج نے بازار میں اشیائے خورد و نوش ہوٹلوں اور دکانوں میں صفائی کا جائزہ لیا جبکہ کرونا سے بچاؤ اور ایس او پیز پر عمل درآمد کے حوالے بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

روہڑی کے گنجان آباد علاقے وارڈ نمبر 10 میں مسلسل پانی کی قلت

روہڑی (نامہ نگار) روہڑی کے گنجان آباد علاقے وارڈ نمبر 10 میں مسلسل پانی کی قلت کی علاقائی مکینوں کی شکایات کا صوبائی وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ اور مینیجر پارٹی رہنما چیئرمین لوکل کونسل ایسوسی ایشن سندھ سید کمیل حیدر شاہ نے نوٹس لے لیا پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کو پانی بحران کے خاتمے کی ہدایات پر ایس ڈی او پبلک ہیلتھ نیاز شیخ نے اپنی ٹیم کے ساتھ پہنچ کر سروے کیا اور علاقے میں پانی کی فراہمی کے اقدامات شروع کر دیئے اس سلسلے میں مینیجر پارٹی بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

پی ٹی سی ایل کا ناقص نظام صارفین کیلئے وبال جان بن گیا

ہیلا (آن لائن) پی ٹ